کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار
Email: dailymeherdarqt@gmail.com
ABC CERTIFIED
DAILY MEHERDAR QUETTA
روزنامہ مہردار کوئٹہ
ایڈیٹر: سید ہاشم آغا
Ph:081 2868355
جلد:13 منگل 03 نومبر 2026ء، 20 [illegible] 1447ھ شمارہ 169

وزیراعظم کا زراعت، ہاؤسنگ، ایس ایم ایز کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی پر کارروائی کا عندیہ

چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، نجی شعبے کی ترقی کے لیے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں

ایسے بینکس جو زراعت، ہاؤسنگ اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو حکومتی اقدامات کے تحت قرضوں کی آسان فراہمی میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، قابل ستائش ہیں، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ایسے بینکس جو زراعت، ہاؤسنگ اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو حکومتی اقدامات کے تحت قرضوں کی آسان فراہمی میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور وزیراعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجی شعبے کی ترقی کے لیے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں بینکوں سے ویسے ہی تعاون کی توقع رکھتے ہیں جیسے تعاون حکومت اور حکومتی ادارے بینکوں کے ساتھ کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو کی گورنر خیبر پختونخوا سے ملاقات

مضبوط وفاق ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے، ملک کی ترقی تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے میں مضمر ہے

پاکستان ہے تو بلوچستان ہے اور بلوچستان پاکستان ہے، قومی مفاد کو مقدم رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے، گفتگو

کوئٹہ/ پشاور (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے اہم ملاقات کی، جس میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور، صوبوں کے درمیان بھائی چارے، قومی یکجہتی، عوامی مسائل اور ملک کو درپیش مختلف چیلنجز سمیت دیگر اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے وفاق اور تمام صوبوں کے

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان سے پاکستان میں دہشتگردی ہو رہی ہے

DG ISPR

دہشتگردی کے سہولت کاروں میں خیبر پختونخوا کی نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، پاکستان کے اندر دہشتگردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے

بلوچستان کی اشرافیہ عام عوام کو غریب اور ان پڑھ رکھ کر اپنا اثر و رسوخ قائم رکھنا چاہتی ہے، بلوچستان میں دہشت گردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، انٹرویو

اسلام آباد (آئی این پی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، صوبے میں ایک سہولت کار جو انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کو دیئے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں پر واضح کیا کہ ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ایک واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں اور سکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

پی ٹی آئی سوشل میڈیا ملک سے باہر، ان پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں

بانی سے ملاقات کے بغیر 28 ویں ترمیم سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے، سلمان اکرم راجہ

26 ویں آئینی ترمیم کے تحت سب آزادیاں ختم ہو چکی ہیں، یہ عدالتیں، یہ قانون ایک تماشہ ہے

لاہور (آئی این پی) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا ملک سے باہر ہے اور ان پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں ہے، آج عدالتیں بے بس ہیں، جو انصاف بھی نہیں دے سکتیں۔ لاہور

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

چمن، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مقدمے سے ڈسچارج، جیل سے رہا

چمن (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو رہا کر دیا گیا۔ مقتول کے والد کے بیان کے بعد عدالت نے انہیں مقدمے سے ڈسچارج کر دیا۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

آزاد صحافت کے بغیر نہ جمہوریت مضبوط ہو سکتی ہے، بلاول بھٹو

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے

پیپلز پارٹی آزادی صحافت، آزادی اظہار اور صحافیوں کے تحفظ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار کرنا حق اور انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

کسی کو بھی من گھڑت مواد پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائیگی، شاہد رند

فیک نیوز (جعلی خبروں) کا بے دریغ پھیلاؤ سنگین چیلنج بن چکا، حکومت کو قانونی کارروائی کا پورا حق حاصل ہے

تین صحافیوں کے خلاف غلط خبریں نشر کرنے پر پی ای سی اے کے تحت مقدمات درج، معاون وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر فیک نیوز (جعلی خبروں) کا بے دریغ پھیلاؤ حکومت کے لیے ایک بڑا اور سنگین چیلنج بن چکا ہے، جس کے خلاف قانون کے مطابق سخت قدم اٹھایا جا رہا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شاہد رند نے کہا کہ واٹس ایپ، فیس بک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے جعلی خبریں پھیلائی جا رہی ہیں اور اس کا پھیلاؤ ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔ انہوں نے واضح

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے

چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے۔ چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر

PROVINCIAL CONFERENCE - BALOCHISTAN

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا معرکہ حق میں فتح حاصل کرنے کے بعد پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر قومی کانفرنس کے منتظمین اور شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز، مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، کنڈی

سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری کے قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں جس گھنٹے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں جو صفائی ہو رہی

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ، بلوچستان ہائی کورٹ میں حلقہ پی بی 42 سے متعلق انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ نے صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے متعلق انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کو نوٹس جاری

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

پائیدار ترقی کے لئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، احسن اقبال

عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظرثانی کا تقاضا کرتی ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان صنعتی اور معاشی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کیلئے کوشاں ہے۔ مجموعی پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان کے 31 اضلاع میں پانچویں انسداد پولیو مہم کا آغاز

وائرس کی ممکنہ آمد روکنے کے لیے خصوصی نگرانی اور عوامی تعاون ناگزیر ہے، سیکرٹری صحت

کوئٹہ (آئی این پی) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن نے کہا ہے کہ افغانستان میں رواں سال پولیو کے 50 سے زائد کیسز رپورٹ ہونے کے باعث بلوچستان کے سرحدی اضلاع خصوصاً چمن اور قلعہ عبداللہ میں وائرس کی ممکنہ منتقلی کا

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

تہران میں پاکستانی سفیر پر مبینہ حملے کی رپورٹس بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں، پاکستانی سفارتخانے کی وضاحت

تہران (آئی این پی) ایران میں پاکستان کے سفارتخانے نے پاکستان کے ایران میں سفیر عمران احمد صدیقی پر مبینہ حملے کے بارے میں گردش کرنے والی بعض خبروں کا نوٹس لیا

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں

دنیا کے حوالے سے گلوبل ویلیج کا تصور اب تبدیل ہو گیا ہے، ڈاکٹر مصدق ملک

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کا کہنا ہے کہ اس سال غریب ممالک کو ملنے والے فنڈز میں 23 فیصد

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر یونس زہری کا سنسنی خیز انٹرویو

صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر تبادلہ خیال، حکومت پر تنقید، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل لانے کا اعلان

خان آف قلات کا بیٹا بھی محفوظ نہیں تو عام شہری کیسے ہوں گے، مدارس بل پر وعدہ خلافی پر حکومت کے خلاف لائحہ عمل طے کریں گے، گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے ایک اہم اور سنسنی خیز انٹرویو دیتے ہوئے صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال، مدارس بل اور مدرسہ جات کے قوانین کے حوالے سے صوبائی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

صحبت پور، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ کو زیر تعمیر صحبت پور بائی پاس سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی، بیرسٹر سیف کے دعوے جھوٹے ہیں، بیرسٹر گوہر

پشاور (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعوؤں کو مسترد کر دیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سیکرٹری ٹیکنیکل ایجوکیشن محمد ہاشم غلزئی انجرہ ریزیڈنشل اسکول اینڈ کالج زیارت کے پرنسپل پروفیسر شبیر احمد بزنجو کو بس کی چابی دے رہے ہیں

وفاقی آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں، صرف رہنمائی لے سکتی ہے

سپریم کورٹ کے فیصلوں کی آئینی عدالت کیلئے صرف دلیل کی حیثیت ہے، وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں بلکہ ان سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اسی صورت اختیار کی جا سکتی ہے جب وہ آئین اور قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ وفاقی آئینی عدالت نے نظرثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

قلعہ عبداللہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق، دو افراد اغوا، لواحقین سراپا احتجاج

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے جب کہ مسلح افراد 2 لوگوں

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ، پی ایم اے کی کال پر بلوچستان بھر میں ڈاکٹروں کی دو روزہ ہڑتال مکمل

او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز معطل، ٹیکسز کی واپسی اور 172 ڈاکٹروں کی برطرفی پر شفاف انکوائری کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کی کال پر 1 اور 2 نومبر کو بلوچستان بھر میں ڈاکٹروں نے مکمل اور

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

وزیراعظم آزاد کشمیر کی حریت قیادت سے ملاقات، مسئلہ کشمیر عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی حریت رہنماؤں سے ملاقات کے لیے کل جماعتی حریت کانفرنس کے دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے حریت کانفرنس کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی سیاسی

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

گوادر میں ہلاک دہشتگرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس

بھائی کی جانب سے غلط راستہ اختیار کرنے پر وہ شدید شرمندہ ہیں، ندامت کا اظہار

گوادر (جی این ایم) گوادر میں سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد شکیل احمد کے بھائی اور والد نے

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان کی خوشحالی پیپلز پارٹی کا نصب العین ہے، میر عبید گورگیج

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 و رہنما پیپلز پارٹی میر عبیداللہ گورگیج نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، بنیادی مسائل کا حل اور

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

50 یونٹ استعمال پر 18 ہزار کے بل ظالمانہ ہیں، نصر اللہ زیرے

گیس بلوں میں بے تحاشا اضافے اور لوڈشیڈنگ کے خلاف پشتونخوا میپ کا 5 نومبر کو احتجاج کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کا گیس بلوں میں بے تحاشا اضافے اور گیس لوڈشیڈنگ کے خلاف 5 نومبر کو احتجاج

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر

ڈیرہ مراد جمالی، جعفر ایکسپریس کی ٹکر سے 6 سالہ بچی جاں بحق

ہسپتال میں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر ڈپٹی کمشنر [illegible] کی شدید برہمی

نصیر آباد (یو این اے) ڈیرہ مراد جمالی میں جعفر ایکسپریس ٹرین کی ٹکر سے چھ سالہ بچی جاں بحق ہو گئی۔ افسوسناک واقعہ بچی پھاٹک کے قریب

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

سرکاری افسران عوامی مسائل کے حل کو ذمہ داری سمجھیں، چیف سیکرٹری

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ میں دو روزہ ویکسیٹ کاروباری نمائش کامیابی سے اختتام پذیر

100 سے زائد اسٹالز پر خواتین کی تیار کردہ مصنوعات اور دستکاری پیش کی گئیں

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش "ویکسیٹ"

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

ایس ایس جی سی افسران کا اجلاس

شہر میں گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کوئٹہ کے سینئر افسر حاجی نصیر احمد لہڑی نے شعیب کلیم کے انچارج محمد اریب سے ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر میں گیس کی لوڈشیڈنگ، گیس پریشر میں کمی، صارفین کو

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

آزادی صحافت جمہوریت کی روح اور عوامی شعور کی بنیاد ہے، روبینہ خالد

صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار نہیں کی جا سکتی، ایسے واقعات کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانا ہوگا

غزہ میں صحافتی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے جانیں قربان کرنے والے فلسطینی صحافیوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر پیغام میں کہنا ہے کہ آزادی صحافت جمہوریت کی روح اور عوامی شعور کی بنیاد ہے، صحافی معاشرے میں سچائی اور عوامی مسائل کی ترجمانی کا اہم فریضہ انجام دیتے ہیں۔ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد اور انتقامی کارروائیوں سے تحفظ فراہم کرنا ریاست کی ذمہ

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

رواں مالی سال ترسیلات زر کا حجم 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع

مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، محمد اورنگزیب

ڈیجیٹل نظام کے فروغ کے ساتھ، سائبر سکیورٹی خطرات سے نمٹنے کیلئے کسی غفلت کی گنجائش نہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ پاکستان

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر

غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید

غزہ (آئی این پی) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہو گئے۔ خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر حملے جاری

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے سیاسی امور و میڈیا شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سال 2026 کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی۔

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر

نواب شاہ، سود کی ادائیگی کیلئے ماں کا 4 بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان

نواب شاہ (آئی این پی) نواب شاہ کی تحصیل

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

ٹک ٹاکر پٹلو مغرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہو سکتا، اس کا احتساب ہونا چاہیے

سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کیلئے کیا، اطلاعات ہیں کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پٹلو مغرور ہے اور اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

QUETTA PRESS CLUB
کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، بلوچستان ڈویلپمنٹ فورم کے ممبران سید احمد اعوان، سید عبدالقیوم آغا، کلیم اللہ داوی، یاسین آغا، عبداللہ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وفاقی وزیر جام کمال خان کامسیک کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

استنبول (آئی این پی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی و تجارتی تعاون (کامسیک) کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ

بقیہ نمبر 30 اندرونی صفحہ پر

پنجاب میں کرپشن کی فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہونگی، چوہدری سالک حسین

میرے پاس شواہد تو نہیں ہیں مگر پنجاب میں کرپشن کی کہانیاں روز سنتا ہوں، صوبے کا سارا بجٹ لاہور چلا جاتا ہے، حکمران کی مرضی ہے کہ کیسے تقسیم کریں

قیصر احمد شیخ نے نظام سے متعلق جو باتیں کی ہیں وہ حقیقت اور سچ پر مبنی ہیں، کیا کوئی چاہے گا کہ بڑے محل سے نکل کر 10 مرلے کے گھر میں آ جائے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی اور قیصر احمد شیخ کے بعد وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین بھی نظام کی ناکامی پر بول پڑے اور کہا پنجاب میں کرپشن کی فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہوں گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ملک کے موجودہ سیاسی و انتظامی نظام اور پنجاب حکومت کی کارکردگی پر شدید تنقید کی اور کہا کہ قیصر احمد شیخ نے نظام سے متعلق جو

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ، خضدار کے زمیندار ملک عبداللطیف شاہوانی، الہی بخش مینگل، جاوید کرد و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر سید ہاشم آغا نے روزنامہ مہردار کوئٹہ
السعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر خورشید لیبر ہال
ملتانی محلہ کیتھا روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
dailymehardarqta@gmail.com

پانی میں مدھانی

کسی ریٹائرڈ بیوروکریٹ سے آپ کی دوستی ہے تو وہ آپ کو مستقل بنیادوں پر ڈپریشن کا شکار کرتا رہے گا۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور میں اس ڈپریشن سے روزانہ گزرتا ہوں، مثلاً کوئی واقعہ ہو جائے تو کسی ایسے ہی دوست کا فون آئے گا۔ یار ہمارے دور میں ایسا نہیں ہوتا تھا۔ آج کل کے بیوروکریٹ تو نجانے کس مٹی کے بنے ہوئے ہیں۔ ملک کا بیڑہ غرق ہو گیا ہے۔ ان کی باتیں سن کر اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت والا محاورہ یاد آتا ہے ان سینئرز نے اچھی روایات چھوڑی ہوتیں تو یہ عہد یہ عہد آنے والا زوال نہ آتا۔ کل ایک میری عمر کے ریٹائرڈ بیوروکریٹ نے اسلام آباد سے فون کیا۔ کہنے لگے ایک پروٹوکول کی گاڑی کی وجہ سے جھنگ کے ڈپٹی کمشنر کو ہٹا دیا گیا ہے۔ کیا ڈپٹی کمشنر کا اتنا بھی کنٹرول نہیں رہ گیا کہ وہ اپنے ضلع میں کوئی حکم ہی منوا سکے۔ صاف نظر آ رہا ہے کہ اس وقت پنجاب کی سی ایم کسی کو رعایت دینے کے لئے تیار نہیں، چوکس اور خبردار رہنے کی ضرورت ہے، پھر بھی چھوٹی سی غفلت کو نظر انداز کرنا اور اس دور میں کہ جب سوشل میڈیا اور سی سی ٹی وی کیمروں کی وجہ سے ہر چیز سامنے آ جاتی ہے، بڑی عجیب سی بات ہے۔ میں نے کہا آپ نے اچھے وقتوں میں نوکری کر لی۔ موبائل فون ہوتے تھے اور نہ سیف سٹی کے کیمرے، جیسے چاہتے حقائق توڑ مروڑ کے پیش کر دیتے۔ آج جن افسروں کو آپ نااہل ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ان پر تو نجانے کتنے چیک ہیں، کتنے عذاب ہیں، کہنے لگے یہ تمہارا خیال ہے۔ جب نواز شریف پہلے وزیراعلیٰ تھے، چھاپہ مارتے تو ڈی سی یا ایس ایس پی کو گھر بھیج دیتے تھے، یہی کام شہباز شریف بھی کرتے رہے۔ ہم نے اس دور میں نوکری بچائی ہے۔ میں نے جب یہ سوال کیا کہ اگر آپ کے دور میں بیوروکریسی کی پرفارمنس بہت اعلیٰ تھی تو گڈ گورننس کیوں نہیں آئی، حال تو اس وقت بھی ایسا ہی تھا، اس پر انہوں نے پینترا بدلا اور کہا اصل میں یہ نظام ہی ایسا ہے، اس میں گڈ گورننس آ ہی نہیں سکتی۔ ان کی باتیں سن کر میں خاصا کنفیوژ ہوا۔ اس ملک میں کوئی ذمہ داری لینے کو تیار ہی نہیں۔ ہر جانے والا آنے والے پر ذمہ داری ڈالتا ہے اور جو حال میں افسری کرتے ہیں وہ یہ کہتے نہیں تھکتے کہ جانے والوں نے اچھی روایات قائم نہیں کیں۔ ایک اور ریٹائرڈ بیوروکریٹ جو سکول کے زمانے میں میرے کلاس فیلو بھی رہے۔ آج کل جب بھی فون کرتے ہیں، ان کی سوئی اس بات پر اٹکی رہتی ہے کہ ضلعوں اور ڈویژنوں میں تعینات بیوروکریٹ ہر کام کا پینافلیکس لگاتے اور اس پر یہ ضرور لکھتے ہیں "وزیراعلیٰ مریم نواز کے ویژن کے مطابق" کیا ان افسروں کا کوئی اپنا ویژن نہیں، ہم جب کام کرتے تھے، کبھی ایسے بینرز نہیں لگواتے تھے، جن سے لگے کہ ہم کسی کے ماتحت ہیں اور جب تک ہمیں کوئی راہ دکھائے ہمیں کچھ نظر ہی نہیں آتا۔ مجھے تو یہ دیکھ کر بہت ڈپریشن محسوس ہوتا ہے۔ چند روز پہلے میں ایک سرکاری افسر کے پاس بیٹھا تھا جہاں ایک وفاقی سیکرٹری کے منصب سے ریٹائر ہونے والے ایک سابق افسر بھی بیٹھے تھے۔ وہ حاضر سروس افسر سے مختلف امور کے بارے میں ایسے سوالات کر رہے تھے، جیسے سی ایس ایس اکیڈمی میں کسی پروبیشنری افسر سے سوال جواب کر رہے ہوں۔ وہ افسر جو بھی جواب دیتا وہ درمیان میں ٹوک کے کہتے ہمارے زمانے میں ایسا نہیں ہوتا تھا، جب یہ مسئلہ سامنے آتا تو ہم اسے اس طرح حل کرتے تھے، یہ سلسلہ کافی دیر چلتا رہا۔ پھر حاضر سروس افسر نے پوچھا سر آپ کیسے تشریف لائے، کوئی کام ہے تو حکم کریں۔ انہوں نے کہا میری کچھ زمین یہاں پڑی ہے۔ کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ بناتے ہوئے کچھ نام غلط درج ہو گئے ہیں، پٹواری اور تحصیلدار میری بات نہیں سن رہے۔ آپ کو تو پتہ ہے یہ ریٹائرڈ لوگوں کو چلے ہوئے کارتوس کہتے ہیں۔ آپ انہیں حکم جاری کریں یہ ریکارڈ درست کر دیں، حاضر سروس افسر نے معنی خیز نظروں سے میری طرف دیکھا۔ پھر ان سے پوچھا "کیا آپ کے دور میں بھی ایسا ہی ہوتا تھا"۔ انہوں نے کہا ہاں یہی ہوتا تھا اور میرے پاس جو بھی ریٹائرڈ افسر ایسا کام کرانے آتا میں فوراً کرا دیتا تھا۔ اس پر نوجوان افسر نے مسکرا کے کہا تو سر بدلا تو کچھ بھی نہیں، ہم آپ کی چھوڑی ہوئی روایت ہی پر چل رہے ہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ ہماری بیوروکریسی نے اپنی روایات کی ایک ریت بنا رکھی ہے، اسی پر چلی جا رہی ہے جو آج ان سروس ہیں جب مدت ملازمت پوری کر کے یہ ریٹائر ہوں گے تو ان کا بیانیہ بھی یہی ہوگا ہم بہت اچھے تھے اور نئے آنے والے اس طرح کی کارکردگی نہیں دکھا رہے۔ جس زمانے کے سینئر بیوروکریٹس ہمارے دوست اور حلقہ احباب میں ہیں وہ زمانہ بیوروکریسی کے لئے شاندار تھا۔ پوسٹیں زیادہ ہوتی تھیں اور اہل بیوروکریٹس کم ہوتے تھے، انہیں پوسٹنگ کے لئے اتنی مشقت نہیں کرنا پڑتی تھی جتنی آج کرنی پڑ رہی ہے کیونکہ اب بیوروکریٹس زیادہ ہیں اور پوسٹیں کم ہیں، خاص طور پر جنہیں پرائم پوسٹیں کہا جاتا ہے۔ اب ایک ڈھونڈو ہزار ملتے والی صورت حال ہے۔ اس لئے اصول، ضابطے، نظریے اور روایات پیچھے چلے گئے ہیں، کسی اچھی پوسٹ کا حصول بنیادی کمزوری بن گئی ہے، صرف اچھی پوسٹنگ ہی درکار نہیں ہوتی بلکہ اس پر برقرار رہنے کے لئے بھی بہت کچھ قربان کرنا پڑتا ہے۔ پھر کچھ افسر اہل اقتدار کی گڈ بکس میں بھی آ جاتے ہیں وہ ایک ضلع ڈی سی شپ سے ہٹتے ہیں تو دوسرے ضلع میں ڈپٹی کمشنر تعینات ہو جاتے ہیں۔ ان کے مقدر میں او ایس ڈی بننا لکھا ہی نہیں گیا ہوتا، ریٹائرڈ بیوروکریٹس کا ایک مسئلہ یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنے عہد اقتدار کو نہیں بھولتے، انہیں رہ رہ کر اپنا وہی پروٹوکول، شاہانہ طرز زندگی اور جو ہو کی یاد آتی ہے۔ ہاں کچھ ایسے ضرور ہیں، جو اپنی ملازمت کو ایک ایک امانت اور ذمہ داری سمجھ کے نبھاتے ہیں وہ کچھ اچھے نقش بھی چھوڑ جاتے ہیں لوگ انہیں یاد بھی کرتے ہیں اور آنے والے بیوروکریٹس ان کی مثالوں سے فائدہ بھی اٹھاتے ہیں۔ آپ کچھ اچھا کریں گے تو اچھی روایات آگے بڑھیں گی۔ صرف اپنے دور کو اچھا دور قرار دینے سے بات نہیں بنتی کیونکہ اچھا دور تو کبھی آیا ہی نہیں۔

چلیے آج روس چلتے ہیں

اسلم لودھی

حاجی محمد اسلم صاحب بنک آف پنجاب سے وائس پریذیڈنٹ کے عہدے سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود کہ وہ نہایت تجربہ کار بنکر ہیں، اردو لکھنے پڑھنے میں خاصی مہارت رکھتے ہیں۔ چند دن پہلے انہوں نے مجھے روس کے بارے میں ایک جامع اور مکمل تحریر بھیجی جو واقعی قابل ذکر ہے۔ چنانچہ معلومات افزا یہ تحریر قارئین کی نذر کی جا رہی ہے۔ روس تاریخی اعتبار سے حیران کن اور دلچسپ ملک ہے۔ یہ دنیا کے 11 فیصد رقبے پر پھیلا ہے اس کے گیارہ ٹائم زون ہیں۔ ملک کے اندر 9 گھنٹے کی فلائٹس بھی چلتی ہیں۔ سرحد گیارہ ملکوں سے ملتی ہے۔ جنوب میں جاپان، چین، شمالی کوریا اور منگولیا سے ملتا ہے۔ درمیان میں سنٹرل ایشیا کے ملکوں قزاقستان، تاجکستان، ازبکستان، ترکمانستان، آذر بائیجان، جارجیا اور آرمینیا۔ یورپ کی سائیڈ سے یوکرائن، رومانیہ، بلغاریہ، بیلاروس، لتھوانیا، لٹویا اور اسٹونیا۔ قطب شمالی کی طرف سے فن لینڈ، ناروے اور یہ دنیا کے آخری سرے سے الاسکا کے ذریعے امریکا سے بھی جڑا ہوا ہے۔ روس کی تین سرحدیں انتہائی دلچسپ ہیں۔ یہ سینٹ پیٹرز برگ سے فن لینڈ سے ملتا ہے، پیٹرز برگ سے ٹرین یا فیری کے ذریعے فن لینڈ جانا ایک رومانوی تجربہ ہے۔ ناروے کے علاقے سورونجر اور روس کے شہر نکیل کی کے درمیان دس منٹ کا فاصلہ ہے۔ لوگ یہ فاصلہ پیدل عبور نہیں کر سکتے۔ چنانچہ یہ روسی علاقے سے سائیکلیں لیتے ہیں۔ سائیکلوں پر ناروے میں داخل ہوتے ہیں اور پھر سائیکل سرحد پر پھینک کر آگے روانہ ہو جاتے ہیں۔ سورونجر شہر دنیا میں بے کار سائیکلوں کا قبرستان بن چکا ہے۔ شہر میں سائیکلوں کے ڈھیر کی وجہ معیار ہے، روسی سائیکلیں یورپین معیار کے مطابق نہیں ہوتیں چنانچہ ناروے حکومت انہیں روسی سائیکلیں آگے لے جانے کی اجازت نہیں دیتی لہٰذا یہ انہیں سرحد پر پھینک جاتے ہیں۔ امریکی ریاست الاسکا اور روس کے درمیان بھی پانی کا چھوٹا سا چینل ہے۔ چینل کی دونوں سائیڈز سے فیری بھی چلتی ہے اور چھوٹے جہاز بھی۔ یہ تین منٹ کا فاصلہ ہے لیکن دونوں کے درمیان چوبیس گھنٹے کا فرق ہے۔ آپ جوں ہی روس سے امریکا میں داخل ہوتے ہیں آپ چوبیس گھنٹے آگے چلے جاتے ہیں۔ دنیا میں جنگلات کا سب سے بڑا ذخیرہ بھی روس میں موجود ہے۔ دنیا کے 25 فیصد درخت روس میں ہیں۔ چنانچہ یہ پوری دنیا کو آکسیجن فراہم کرتا ہے۔ دنیا کا 34 فیصد میٹھا پانی بھی روس میں ہے "جھیل بیکال" دنیا میں میٹھے پانی کا سب سے بڑا ذخیرہ ہے۔ دنیا کا سب سے بڑا دریا والگا بھی روس میں بہتا ہے۔ دنیا کے سب سے زیادہ دریا بھی روس میں ہیں۔ اس ملک میں 36 دریا بہتے ہیں۔ دنیا کا سرد ترین مقام اومیا کان بھی روس میں ہے۔ اومیا کان کا درجہ حرارت منفی 55 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر جاتا ہے۔ 1983ء میں اس کا درجہ حرارت منفی 89.2 ڈگری سنٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تھا، دوسرا سرد ترین مقام ویرخویانسک بھی روس میں ہے۔ ویرخویانسک کا درجہ حرارت منفی 45 ڈگری تک گر جاتا ہے لیکن اس کے باوجود دونوں ٹاؤنز میں زندگی چلتی رہتی ہے۔ ان دیہات تک صرف سردیوں میں پہنچا جا سکتا ہے' کیوں؟' کیوں کہ سردی میں دریا جم جاتے ہیں اور ان جمے ہوئے دریاؤں پر ٹرک، بسیں اور گاڑیاں دوڑنے لگتی ہیں۔ دنیا کا گہرا ترین میٹرو سٹیشن بھی روس کے شہر سینٹ پیٹرز برگ میں ہے۔ اس کی گہرائی 86 میٹر ہے' ماسکو کی زیر زمین ٹرین بھی زمین سے 82 میٹر گہرائی تک جاتی ہے۔ یہ اوسطاً 40 میٹر گہری ہے اور اس کے سٹیشن دیکھنے کے قابل ہیں۔ یہ شاہی محلات اور آرٹ کا نمونہ دکھائی دیتے ہیں۔ ماسکو کے زیر زمین ریلوے سے روزانہ 60 لاکھ لوگ سفر کرتے ہیں۔ روسی لوگ بہت خوب صورت اور ملنسار ہیں۔ دنیا کے سب سے زیادہ ارب پتی بھی ماسکو شہر میں رہتے ہیں لیکن آپ کو اس کے باوجود ملک کے کسی حصے میں دولت کا دھنیانہ رقص نظر نہیں آتا۔ یہ لوگ آہستہ بولتے اور مہمان نواز ہیں' ماسکو شہر میں صرف 80 دن دھوپ نکلتی ہے۔ سینٹ پیٹرز برگ میں 56 دن سورج نکلتا ہے۔ پورے ملک میں سال کے باقی دن دھند، بادل اور بارش رہتی ہے، روس میں سائبیرین ٹرین کے نام سے ایک حیران کن ٹرین بھی چلتی ہے' یہ دنیا کا لمبا ترین ریلوے سفر ہے' یہ ٹرین آٹھ ٹائم زونز کو کراس کرتی ہے اور 87 شہروں اور والگا دریا سمیت 16 دریاؤں کے اوپر سے گزرتی ہے' یہ بھی ایک حیران کن سفر ہے' آپ ٹرین میں بیٹھ کر سائبیریا کے برف ستانوں سے گزرتے ہیں اور فطرت کو اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھتے ہیں"۔ روس میں سرخ رنگ خوب صورتی کی علامت ہے۔ یہ لوگ جس چیز سے محبت کرتے ہیں یہ اس کو سرخ رنگ کر دیتے ہیں۔ ریڈ سکوائر کو خوب صورتی کی وجہ سے ریڈ سکوائر کہا جاتا ہے تاہم یہ بھی درست ہے کہ سکوائر کی زیادہ تر عمارتیں سرخ ہیں۔ لینن کا مقبرہ بھی ریڈ سکوائر میں ہے' لینن کا انتقال 21 جنوری 1924ء کو ہوا تھا۔ حکومت نے انتقال کے بعد اس کی لاش حنوط کر کے شیشے کے تابوت میں رکھ دی۔ روزانہ ہزاروں لوگ قطار میں لگ کر بابائے انقلاب کی زیارت کرتے ہیں۔ میوزیم میں ان دونوں کتوں (فی میل) کی حنوط شدہ لاشیں بھی موجود ہیں، جو پوری کائنات سے پہلے خلا میں بھجوائے گئے تھے۔ ان کے نام بیلکا اور سٹریلکا تھے اور یہ دونوں کامیابی سے واپس آ گئے تھے۔ سٹریلکا نے بعد ازاں ایک بچے (فی میل) کو جنم دیا جس کا نام پوشنکا رکھا گیا۔ روس نے امریکا کو جلانے کے لیے پوشنکا امریکی صدر جان ایف کینیڈی کی بیگم جیکولین کینیڈی کو گفٹ کر دی۔ جب وہ بھیجی تھی تو امریکیوں کو محسوس ہوتا تھا کہ پورا روس ان کا مذاق اڑا رہا ہے لہٰذا امریکا نے 1969ء میں نیل آرمسٹرانگ کو چاند پر بھجوانے کا فیصلہ کر لیا" روس کے ایئر سپیس پروگرام نے دنیا کو بے شمار سہولتیں فراہم کیں۔ [illegible] خلا نوردوں کے لیے ایجاد ہوئی تھیں، یہ آج دنیا بھر کے بچے استعمال کرتے ہیں، [illegible] اور فوری تیار ہونے والی خوراک بھی خلا نوردوں کے لیے بنی تھی۔ ماڈرن ٹریک سوٹس، جی پی ایس، دوائیوں کے پرسکریپشن، جہازوں میں استعمال ہونے والے کموڈز اور ٹیوبیں اور ٹریننگ میں لگائی جانے والی بیٹریاں بھی خلا نوردوں کے لیے ایجاد ہوئی تھیں لیکن یہ آج ہم جیسے لوگ استعمال کر رہے ہیں۔ ایک خلا نورد 10 سال میں تیار ہوتا ہے۔ یہ لوگ حقیقتاً جان نثار ہوتے ہیں۔ یہ جانتے ہیں یہ شاید ہی واپس آ سکیں۔ لیکن یہ اس کے باوجود انسان کا قرض [illegible] خلا کے سمندر میں اتر جاتے ہیں۔

ذہنی امراض بڑھ رہے ہیں مگر کیوں؟

ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی

افسر تو جوان نہیں تھا، جوان تھا۔ چہرے سے عیاں تھا کہ وہ شدید کرب کی کیفیت سے گزر رہا تھا۔ وہ اپنے ایک سینئر دوست کے کمرے میں موجود تھا۔ سینئر انتہائی توجہ سے اس کی گفتگو سن رہا تھا۔ جوان دور دراز سے سفر کر کے آیا تھا اور دل کی باتیں کر رہا تھا۔ وہ کہہ رہا تھا" کوئی شک نہیں شہر اچھا ہے۔ سروس کے لیے مناسب ہے۔ دارالحکومت سے دور ہونے کے نقصانات بھی ہیں اور فوائد بھی۔ میں تو سروس میں آیا ہی اس لیے تھا کہ طرح طرح کے لوگوں سے مل سکوں۔ نوکری کرنا اچھا تجربہ ہے لیکن ذاتی تنہائی ہے کہ دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ جاب کے چیلنجز اپنی جگہ پر لیکن جو مسائل فیملی کی طرف سے آ رہے ہیں ان کا کیا علاج؟ آپ کو پتہ ہے مجھ پر گھر کی ذمہ داری ہے۔ چھوٹے بھائی ہیں، وہ خرچہ مانگتے رہتے ہیں لیکن بات نہیں مانتے۔ اپنی مرضی کرتے ہیں۔ جو میں کہوں اس کی بجائے انہیں کوئی اور مضمون پسند ہوتا ہے۔ مضمون ایسا ہوتا ہے کہ نوکری ملنا مشکل بھی ہے اور کافی وقت بھی لگتا ہے۔ پسند کی شادی کی تھی۔ پڑھی لکھی خاتون سے کی تھی۔ تین بچے ہیں۔ جس ماہ اسے کہوں، ذرا کفایت شعاری سے کام لینا، اسی مہینے خرچہ پہلے سے دگنا ہو جاتا ہے۔ وہ بات گھٹنے کی بجائے بحث شروع کر دیتی ہے کہ اپنے بہن بھائیوں کو کتنے پیسے دیے؟ عجیب عجیب سوالات کرتی ہے۔ ذاتی کوفت ہوتی ہے۔ سمجھ نہیں آتی ذہنی سکون کے لیے کیا کیا جائے؟ آپ کو بھی اندازہ ہوگا کہ ساؤتھ میں دوسری شادی کی قبولیت نارتھ اور سینٹرل پنجاب سے زیادہ ہے۔ دوسری شادی کرنے کو دل نہیں مانتا لیکن سمجھ نہیں آتی سکون کہاں ہے؟ کہیں ہے بھی یا نہیں۔ نوکری دن بدن مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ چیلنجز بڑھتے جا رہے ہیں۔ معاشی طور پر بھی صورتحال مشکل سے مشکل تر ہوتی جا رہی ہے۔ کئی بار تو عجیب مایوسی ہوتی ہے۔ بہت دنوں سے دل کر رہا تھا کہ آپ کے ساتھ بیٹھ کر دل کھول کے رکھ دیا جائے۔ وہاں دوست تو ہیں لیکن سمجھ نہیں آتی کہ ان میں سے کسی کو محرم راز بھی سمجھا جائے یا نہیں۔ المیہ وہی ازلی ہے۔ کہوں حال سناواں دل دا، کوئی محرم راز نہ ملدا۔" دوست سنتا رہا۔ اس کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی۔ مسکراہٹ تمسخر آمیز نہیں تھی۔ فکر آمیز تھی۔ وہ اپنی زندگی میں سرد و گرم دیکھ چکا تھا۔

ہمارے ہاں ہر طرح کے بحران پر گفتگو ہوتی رہتی ہے لیکن تنہائی کے بحران پر ابھی بہت کچھ کہنے کی ضرورت ہے۔ کہنے کی بھی اور کرنے کی بھی۔ انسانی معاشرہ اس بات کا ثبوت ہے کہ انسان کتنا بھی تنہائی پسند ہو، اسے اپنے ارد گرد لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ انسان قبائل کی صورت میں رہتے رہے ہیں۔ حضرت آدم کے بارے میں کتب میں مذکور ہے کہ وہ تنہا اچھا محسوس نہیں کرتے تھے۔ انسان اپنے ہم جنسوں کی ضرورت محسوس بھی کرتا ہے اور ہم جنسوں میں خوش بھی رہتا ہے۔ شاعر نے مدتوں پہلے کہا تھا کہ دل کے لیے مشینوں کی حکومت موت ہوتی ہے کیونکہ احساس مروت بعض اوقات آلات سے کچلا جاتا ہے۔ کسی مفکر نے لکھا تھا کہ شہروں میں لوگ خود کفیل ہوتے ہیں، اسی لیے خود غرض بھی ہوتے ہیں۔ اگر انسان دوسرے انسان پر انحصار نہ کرتا ہو تو کیا یہ امر اسے خود غرضی کی طرف مائل کرتا ہے؟ اس بابت ہر کسی کو اپنی رائے رکھنے کا حق حاصل ہے لیکن دیکھا بھی گیا ہے کہ جدید دنیا میں انسان فقط ایک جسمانی اور مادی وجود بن کر رہ گیا ہے۔ ہمیں ہر طرح کا مادی سکون چاہیے لیکن روحانی پہلو کو نظر انداز کرنے کے بھیانک نتائج پوری دنیا بھگت رہی ہے۔ ہمارے جوان افسر کا المیہ ہر کسی کا المیہ ہے۔ مصنوعی ذہانت کی وجہ سے جانے والے دور میں ہر شے ہی مصنوعی ہوتی جا رہی ہے۔ اتنی مصنوعی کہ اصل نقل کی پہچان ہی ختم ہو گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر اتنی بیزاری پھیری جاتی ہے کہ ہر چیز گرد آلود ہو چکی ہوتی ہے۔ انسانی روح پر بھی دن بدن گرد پڑتی جا رہی ہے۔ جدید لوگ کسی ایک مخصوص مذہب سے نہیں بلکہ ہر طرح کے مذہب سے متنفر ہوتے جا رہے ہیں۔ انسان کا انسان سے رشتہ مضبوط ہونے کی بجائے کمزور سے کمزور تر ہوتا جا رہا ہے۔ مسائل کا حل کیا ہے؟ حل وہی ہے جو خالق کائنات نے بتا دیا ہے۔ دلوں کا اطمینان فقط اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ کسی کو ایک طریقہ آسان لگتا ہے تو کسی کو دوسرا۔ حضرت ابو بن ادہم کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اپنا نام اس فہرست میں لکھوانے کے خواہشمند تھے جو فہرست انسان دوستوں کی تھی، انسان سے محبت کرنے والوں کی تھی۔ اسی وجہ سے اس فہرست میں بھی ان کا نام سب سے اوپر تھا جو اللہ تعالیٰ کے محبوب لوگوں کی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی محبوب شخصیت ہی قلبی سکون سے مالا مال ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا بہترین طریقہ خلق خدا کو اپنا محبوب سمجھنا ہے۔ ایک دوسرے کی گفتگو سنیں۔ ایک دوسرے کو وقت دیں۔ سوشل میڈیا پر نہیں، حقیقی طور پر وقت دیں۔ مسائل سمجھنے کی کوشش کریں۔ بے شک بہتر وہی ہے جو دوسروں کے لیے بہتر ہے۔ ہم کسی کے لیے بہتر ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہماری بہتری کے ایسے راستے کھول دیتے ہیں کہ گنے بھی نہیں جا سکتے۔ ہر سہولت کے باوجود خودکشی کی شرح میں دن بدن بڑھتا اضافہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ بھی ہے اور انتہائی شرمندگی کا باعث بھی۔ انسان کو انسان کا مسیحا بننا چاہیے۔ انسان کو درد دل کے واسطے پیدا کیا گیا ہے۔ انسان وہی ہے جو دوسروں کا درد سمجھے بھی اور اس کا مداوا کرنے کی بھی اپنی بہترین کوشش کرے۔

☆☆☆☆☆☆

اس سال دنیا کے امن کو درپیش خطرات

نسیم شاہد

امن ایک ایسی نایاب روشنی ہے جو تاریک راہوں میں امید کی کرن بنتی ہے مگر جب جنگ کی "دھمکیاں" گونجتی ہیں تو یہ روشنی دھندلا کر انسانیت کو اندھیروں میں دھکیل دیتی ہے۔ 2026 کے آغاز میں جب دنیا نئے سال کی بلندیوں کو چھو رہی ہے تب بھی امن کی عمارت کی بنیادوں میں "؟" گئی "آج دنیا کے امن کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ تاریخ کی کتابیں بتاتی ہیں کہ جنگیں کبھی فاتح پیدا نہیں کرتیں بلکہ صرف شکست خوردہ نسلیں چھوڑتی ہیں۔ آج ہم ایک ایسے دور میں کھڑے ہیں جہاں چھ بڑے محاذ عالمی نظام کو چیلنج کر رہے ہیں، یہ محاذ نہ صرف لاکھوں جانیں نگل رہے ہیں بلکہ عالمی معیشت، غذائی تحفظ اور انسانی حقوق کو بھی داؤ پر لگا رہے ہیں۔ ان میں سب سے پہلا شکستہ محاذ غزہ کا بحران ہے جو اب انسانیت کا قبرستان اور عالمی ضمیر کا امتحان بن چکا ہے۔ اکتوبر 2023ء میں شروع ہونے والا اسرائیل حماس تنازع اب تک ہزاروں بے گناہ شہریوں کی جانیں نگل چکا ہے۔ غزہ کی پٹی اب ملبے کا ڈھیر اور عالمی قانون کی شکست کا اشتہار ہے جو چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے کہ طاقتور کا انصاف صرف طاقت کے تابع ہے۔ یہ بحران نہ صرف مشرق وسطیٰ کی سلامتی کو متاثر کر رہا ہے بلکہ علاقائی طاقتوں جیسے ایران، عرب ممالک اور عالمی قوتوں کے درمیان کشیدگی بھی بڑھا رہا ہے۔ اسی خدشے کے پیش نظر صدر ٹرمپ نے حال ہی میں غزہ کے مسئلے کے حل کے لیے "بورڈ آف پیس" کے قیام کا باقاعدہ اعلان کیا ہے۔ صدر ٹرمپ کے پیش کردہ امن چارٹر پر درج ذیل اہم ممالک امریکہ، پاکستان، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، اسرائیل، بحرین اور قطر نے دستخط کیے ہیں۔ جبکہ برطانیہ، فرانس، جرمنی اور کینیڈا جیسے ممالک نے فی الحال اس چارٹر پر دستخط کرنے سے گریز کیا ہے۔ اس منصوبے کا بظاہر مقصد غزہ میں جنگ بندی کو مستقل بنانا اور اسے ایک "تعمیری زون" میں تبدیل کرنا ہے۔ دوسرا خطرناک محاذ مسئلہ کشمیر ہے جو دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان ایک فلیش پوائنٹ بنا ہوا ہے۔ تقسیم ہند سے لے کر آج تک کشمیر کا تنازعہ ایک دہکتا ہوا انگارہ رہا اور دونوں ممالک کئی جنگیں دیکھیں۔ 2025ء کے موسم بہار میں پہلگام حملے کے بعد بھارت کی "آپریشن سندور" نامی ناکام مہم جوئی نے ایٹمی جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ انٹرنیشنل کرائسز گروپ کی 2025ء کی رپورٹ بتاتی ہے کہ 2026ء میں یہ کشیدگی اس نہج پر پہنچ سکتی ہے جہاں ایک چھوٹی غلطی بھی "دو طرفہ بڑی جنگ" کا باعث بن سکتی ہے جبکہ پاکستان اور بھارت کے پاس 300 سے زائد ایٹمی ہتھیار دنیا کے خدشات کو بڑھا رہے ہیں۔ یاد رکھیں کہ امن کا راستہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں (جیسے 1948ء کی قرارداد 47) پر عمل درآمد سے ہی ممکن ہے۔

تیسرا محاذ لاطینی امریکہ میں امریکہ وینزویلا کشیدگی ہے جو خطے کی توانائی اور معیشت کو متاثر کر رہی ہے۔ امریکہ نے جارحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند ہفتے قبل وینزویلا کے صدر اور ان کی اہلیہ کو اغوا کیا اور پھر ان کے خلاف رشوت ستانی، اسمگلنگ اور منشیات کی سرپرستی جیسے الزامات لگا کر امریکی عدالت میں کیس لگا دیا۔ پوری دنیا نے امریکہ کے اس آمرانہ اور فرعونیت والے عمل کی مذمت کی ہے مگر ٹرمپ اقتدار کے نشے اور اختیارات کے بے جا استعمال پر نہ صرف خوش ہیں بلکہ انہوں نے چند دیگر ممالک کو بھی خبردار کر دیا ہے کہ وہ امریکی تابعداری کریں ورنہ ان حکمرانوں کے ساتھ بھی ایسا سلوک ہو سکتا ہے۔ وینزویلا جو 1990ء تک دنیا کے امیر ممالک میں شمار کیا جاتا تھا بدقسمتی سے امریکی غضب کا شکار ہے۔ اصل کہانی یہ ہے کہ امریکہ کی تیل کی صنعت کی ناکہ بندی اور سابق صدر [illegible] کی معاشی پابندیوں نے قحط کو پیدا کیا ہوا تھا۔ اس دنیا کے امن کو متاثر کرنے والا چوتھا محاذ روس یوکرین جنگ ہے۔ فروری 2022ء سے شروع ہونے والی یہ جنگ دونوں جانب سے بھاری جانی و مالی نقصان کی اطلاعات کے ساتھ پانچویں برس میں داخل ہو چکی ہے۔ گلوبل پیس انڈیکس رپورٹ کے 2025ء کے سروے کے مطابق یہ تنازعہ 2026ء میں دنیا کے چند سب سے زیادہ تباہ کن معاملات میں سے ایک ہوگا۔ اب یہ جنگ صرف دو ممالک تک محدود نہیں ہے اس نے یورپ کی سلامتی کا ڈھانچہ تبدیل کر دیا ہے، نیٹو کی دفاعی حکمت عملیوں کو نئی شکل دی ہے اور عالمی توانائی کی مارکیٹس میں غیر یقینی پیدا کی ہے۔ فریقین کی جانب سے جب تک مذاکرات میں حقیقت پسندی کو جگہ نہ دی جائے گی یہ دیمک عالمی امن کو چاٹتی رہے گی۔ پانچواں ممکنہ ایشو چین تائیوان کشیدگی ہے جو ایشیا پیسفک کا آتش فشاں بنا ہوا ہے۔ تائیوان کے ارد گرد چین کی بڑھتی فوجی سرگرمیاں عالمی امن کے لیے خطرہ ہیں۔ چین تائیوان کو اپنی "ون چائنا پالیسی" کے تحت ضم کرنا چاہتا ہے جبکہ تائیوان کو امریکہ کا اتحادی ہونا طاقت دیتا ہے۔ اگر تنازعہ بڑھا تو دنیا کی 60 فیصد سے زائد تجارت اور سیمی کنڈکٹر صنعت مفلوج ہو جانے کا خدشہ ہے۔ بلوم برگ کی 2025ء کی رپورٹ کے مطابق اقتصادی نقصان 10 ٹریلین ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔ عالمی ماہرین بیجنگ اور واشنگٹن کی سرد جنگ کو گرم جنگ میں بدل جانے کے امکان کی وجہ سے 2026ء کو "خطرناک ترین" سال قرار دے رہے ہیں۔ چھٹا اور آخری محاذ افریقہ کا ہے خاص طور پر جمہوریہ کانگو اور سوڈان کی کشیدگی۔ مشرقی کانگو میں 1994ء کی روانڈا نسل کشی کی باقیات میں شامل M23 باغیوں کی کارروائیاں، افریقہ میں بے چینی پیدا کر رہی ہیں۔ 2026ء میں گوما اور بکاوو جیسے شہروں کے چھننے نے لاکھوں افراد کو بے گھر کیا۔ کانگو کا روانڈا پر مداخلت کا الزام اور واشنگٹن معاہدے کی خلاف ورزیاں ہزاروں شہریوں کے قتل عام کا سبب بنی ہیں۔ معدنیات سے مالا مال یہ علاقہ عالمی طاقتوں کی رقابت کا اہم مرکز ہے۔ اقوام متحدہ کی 2025ء کی رپورٹ میں 150 لاکھ سے زائد بے گھر افراد کا ذکر ہے جبکہ دوسری طرف سوڈان کی خانہ جنگی نے افریقہ کے سب سے بڑے ملک کو انسانی بحران میں دھکیل دیا ہے۔ ان چھ بڑے محاذوں سے ظاہر ہے کہ 2026ء کا جہان "جنگل کا قانون" کے شکنجے کا شکار ہے۔ امن صرف تقریروں سے نہیں بلکہ منصفانہ تقسیم وسائل اور خود مختاری کے احترام سے آئے گا۔ انسانیت کو تجربہ گاہوں کی نہیں۔

بات ہے رسوائی کی

شاہد محمود

اسلام میں عورتوں کو تمام مذاہب سے زیادہ حقوق دیے گئے ہیں جبکہ زمانہ جاہلیت میں تو بیٹیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ علماء دین ایک حدیث کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص آپ ﷺ کے پاس آیا اور اپنی بیوی کی شکایت کرتے ہوئے کہا "حضور میری بیوی انتہائی بدزبان، جھگڑالو اور بد اخلاق ہے میں اس سے تنگ آ چکا ہوں فرمائیے میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے اس سے کہا کہ درگزر کرو۔ وہ شخص یہ سن کر بولا "حضور مجھے درگزر کرتے ہوئے ایک مدت گزر گئی ہے۔ میرے صبر کی اور درگزر کی انتہا ہو چکی ہے اب اور کتنا درگزر کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اتنا درگزر کرو جتنا اللہ اپنے بندوں کی غلطیوں پر کرتا ہے۔"

ہر دور میں خاندان کو منتشر ہونے سے بچانے کے لئے مرد پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود بھی خاندان بکھر جاتے ہیں ایسے موقعوں پر نہ صرف میاں بیوی بلکہ ان کے خاندانوں کے پاس سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں رہتا لیکن چلتے چلتے زمانہ اب ایسے قدم پر آ گیا ہے جہاں طلاق کی شرح خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے اور خاندان تیزی سے ٹوٹ کر بکھر رہے ہیں۔ خوشبو کی شاعرہ پروین شاکر نے بجا کہا:

کیسے کہہ دوں کہ مجھے چھوڑ دیا ہے اس نے
بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی

جس دور میں پروین شاکر نے یہ شعر کہا تھا اس زمانے میں بھی طلاق کا سلسلہ اتنا دراز نہیں ہوا تھا۔ جب بھی کبھی کسی میاں بیوی میں کوئی تنازعہ ہوا کرتا تھا تو خاندانوں کے بزرگ مل بیٹھ کر ان میں صلح صفائی کروانے کے بعد ان کو پھر سے زندگی کی شاہراہ پر رواں دواں کر دیتے تھے اور اس کے بعد نہ خاندان بکھرتا تھا اور نہ آئندہ میاں بیوی میں غلط فہمیاں اور رنجشیں پیدا ہوتی تھیں اور دونوں کی زندگی اپنے بچوں کے ساتھ پرسکون گزر جاتی تھی۔ علاوہ ازیں لڑکی اور لڑکے کے خاندانوں میں بھی تعلقات نہ صرف خوشگوار بلکہ پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو جاتے تھے لیکن اب صورت حال یکسر تبدیل ہو چکی ہے کیونکہ درگزر کرنے کا جو درس اسلام نے مرد اور خواتین دونوں کو دیا ہے اسے سب نے بھلا دیا ہے اور میاں بیوی دونوں ہی کسی اپنے بڑے بزرگ کی پرواہ کیے بغیر زندگی نظام کی دھجیاں اڑا رہے ہیں۔ گھر میں ذرا سی رنجش ہوتی ہے تو عورت خلع کے لئے عدالت پہنچ جاتی ہے اور یوں دیکھتے ہی دیکھتے میاں بیوی میں علیحدگی ہو جاتی ہے اور بچے ایک دو یا زیادہ دنوں کے لئے نہ ماں کا پیار رہتا ہے اور نہ باپ کا۔ بچوں کو اپنے پاس رکھنے کے لئے بھی وکیلوں اور عدالتوں کے چکر لگائے جاتے ہیں۔ بچوں کے اخراجات کے لئے کیسے الگ سے دائر ہوتے ہیں اور دونوں طرف سے ایک دوسرے کو ہر طرح سے نیچا دکھانے کے لئے تمام حربے استعمال کیے جاتے ہیں اس دوران عدالتوں میں فریقین میں جھگڑے اور مارکٹائی کے واقعات بھی ہوتے ہیں دونوں طرف سے [illegible] کی جاتی ہے۔ سالہا سال کیس چلتے ہیں۔ شروع شروع میں ماں باپ بہن بھائی ساتھ دیتے ہیں لیکن رفتہ رفتہ وہ دور ہوتے جاتے ہیں۔ تماشائی قسم کے رشتے دار ان کے بارے میں چٹکلے لے لے کر باتیں کرتے ہیں یہاں تک کہ طلاق یافتہ عورت اور اس کا سابقہ شوہر کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتے۔ مال و دولت بھی جاتی ہے۔ عزت بھی بچے بھی۔ کام کاج میں جی نہیں لگتا زندگی ایک ایسے دلدل علاقے میں داخل ہو جاتی ہے جہاں سے زندگی بھر نکلنا ناممکن ہوتا ہے۔ وہ عورتیں جن کو ان کا شوہر گھر بٹھا کر عزت کی روٹی دے رہا ہوتا ہے وہ ماں باپ، بھائی کے در پر بچوں سمیت پڑی رہتی یہ سوچتی رہتی ہے کہ اس نے اپنے شوہر سے علیحدگی کے بعد کیا حاصل کیا ہے؟ طلاق کی شرح بڑھنے کے بعد اب یہ تقریباً ہر دوسرے گھر کی جانی پہچانی کہانی بن چکی ہے۔ چنانچہ ایک طلاق یافتہ عورت جس کے بچے بھی ہوں طلاق کے چند سالوں کے بعد گھر سے گھر، رشتے کی طرف سے بھی سرد مہری اور لاتعلقی کا شکار ہو جاتی ہے۔ یہی وہ وقت ہوتا ہے جب اسے اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہوتا ہے لیکن اس وقت پانی سر سے گزر چکا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ شوہر کے گھر واپسی بھی ناممکن ہو چکی ہوتی ہے اور اپنے سارے قریبی عزیز دوست اور ہمدرد بھی ہر قسم کی مدد سے ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔ یہی وہ کمزور لمحہ ہوتا ہے جب عورت اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے جسم فروشی کی طرف مائل ہوتی ہے۔ سوشل میڈیا نے اب اس مکروہ دھندے کو چھپانے کے بجائے کھلے عام چلانے والے دھندے کو بے نقاب کر دیا ہے۔ وہ بتاتے ہیں اب شہر کی ہر سڑک پر رات گئے تک ہر عمر کی عورتیں [illegible] کی طرح کھڑی ہوتی ہیں اور حد تو یہ ہے ان عورتوں میں شرم و حیا کا زیور اب ان کی مجبوریوں کی زنجیر بن چکا ہے جن سے آزاد ہونا ان کو اپنی موت نظر آتا ہے ان عورتوں میں زیادہ تر وہ ہیں جو طلاق یافتہ بے آسرا ہیں جن کے پاس اس کے علاوہ کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے وہ بتاتی ہیں کہ ان کے ماں باپ (اگر زندہ ہیں) بھائی بہن اور دیگر قریبی رشتہ دار سب جانتے ہیں کہ وہ یہ دھندہ کر رہی ہے لیکن کوئی کچھ نہیں کہتا کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ وہ کچھ کر سکتے ہی نہیں کیونکہ جن غریب اور متوسط گھرانوں سے ان کا تعلق ہے وہاں پہلے ہی افلاس کے بادل اتنے گہرے ہیں کہ وہ لوگ اپنا اپنا بوجھ بڑی مشکل سے اٹھا رہے ہیں وہ کسی اور کے لئے چاہنے کے باوجود بھی کچھ نہیں کر سکتے اس سے زیادہ دکھ کی بات یہ ہے کہ ایسی عورتیں کسی سے شادی کرتی ہیں یا کسی دفتر یا گھر میں ملازمت کرتی ہیں تو بھی ان کو ایسے ہی لوگ ملتے ہیں جو ان کو سراسر لوٹ کا مال سمجھتے ہیں۔

پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز نے گزشتہ دنوں ارکان اسمبلی کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی کوششوں سے پنجاب کے طول و عرض میں ترقی کا عمل بھی پہلے سے تیز کیا جا رہا ہے تاکہ ہر علاقے میں اس کے اثرات نظر آئیں۔

بھارت میں مسلمانوں کی حالتِ زار

محمد علی یزدانی

بھارت کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت قرار دیا جاتا ہے، ایک ایسا ملک جہاں آئین مساوات، آزادی اور انصاف کی ضمانت دیتا ہے۔ مگر حقیقت اس دعوے کے برعکس ہے۔ بھارت میں بسنے والے 20 کروڑ مسلمان گزشتہ کئی دہائیوں سے ہی تعصب اور امتیازی سلوک کا سامنا کر رہے تھے، لیکن مودی حکومت کے آتے ہی یہ تعصب ایک منظم، قانونی اور ادارہ جاتی شکل اختیار کرتا چلا گیا۔ آج بھارت کا مسلمان صرف سیاسی سطح پر ہی نہیں بلکہ تعلیمی اداروں، سرکاری ملازمتوں، انتظامی ڈھانچوں، میڈیا اور معاشرتی زندگی کے ہر میدان میں دیوار سے لگایا جا رہا ہے۔

مولانا ارشد مدنی کا یہ بیان کہ "ایک مسلمان نیویارک اور لندن کا میئر بن سکتا ہے مگر بھارت میں یونیورسٹی کا وائس چانسلر نہیں بن سکتا" محض کوئی جذباتی جملہ نہیں، بلکہ موجودہ بھارتی رویّوں کی مکمل عکاسی ہے۔ یہ جملہ بھارت کے اس ڈھانچے کو بے نقاب کرتا ہے جو بظاہر سیکولر کہلاتا ہے مگر درحقیقت اقلیتوں، خاص طور پر مسلمانوں کے خلاف تعصب سے بھرا ہوا ہے۔ آزادی کے پچھلے 75 برسوں میں بھارت مسلمانوں کو تعلیم میں آگے بڑھنے کے لیے کبھی سازگار ماحول فراہم نہیں کر سکا۔ سرکاری سروے اور آزادانہ رپورٹس واضح کرتی ہیں کہ بھارت کا مسلمان آج بھی سب سے پسماندہ طبقات میں شمار ہوتا ہے۔ مسلمان اعلیٰ یونیورسٹیوں میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ سرکاری نوکریوں میں مسلمانوں کی نمائندگی ان کی آبادی سے کئی گنا کم ہے۔ یونیورسٹیوں کے کلیدی عہدوں پر مسلمانوں کا آنا تقریباً ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ مولانا ارشد مدنی کا یہ کہنا کہ "اگر کوئی مسلمان وائس چانسلر بن بھی جائے تو اسے جیل بھیج دیا جاتا ہے" کوئی مبالغہ نہیں۔ اعظم خان، ڈاکٹر کفیل، خالد مجاہد اور اب الفلاح یونیورسٹی کے منتظمین، سب اس فہرست کی مثالیں ہیں جنہیں یا تو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا یا جھوٹے مقدمات میں الجھایا گیا۔ بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ انصاف کا تصور محض ایک خواب بن چکا ہے۔ ایسا عدالتی نظام جس میں سالوں تک کیس ثابت نہ ہو سکے لیکن ملزم جیل ہی میں رہے، انصاف نہیں بلکہ ظلم ہے۔ بھارت کی سیاست میں مسلمانوں کی گنجائش تنگ سے تنگ ہوتی جا رہی ہے۔ بھارتی پارلیمنٹ میں مسلمانوں کی نمائندگی سب سے کم سطح پر گر چکی ہے۔ برسوں تک مسلمانوں کو ہندوتوا بیانیے کا ایندھن بنا کر نفرت کی سیاست نے انہیں سیاسی طور پر بے دست و پا کر دیا ہے۔

ایک وقت تھا کہ بڑی سیاسی جماعتیں مسلم ووٹ کو اہم سمجھتی تھیں، مگر آج بی جے پی کے ساتھ ساتھ بہت سی جماعتیں اس خوف کے زیر اثر ہیں کہ اگر وہ مسلمانوں کے حقوق کی بات کریں گی تو انہیں "مسلم نواز" قرار دے کر ان کا سیاسی نقصان کر دیا جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان بھارت کی سیاسی رفتار کا حصہ تو ہیں مگر اس کو متاثر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔

بھارت میں آج مسلمان سب سے زیادہ خوف کا شکار ہیں۔ انہیں اپنے گھروں، مساجد، کاروبار اور یہاں تک کہ اپنی شناخت تک کا تحفظ حاصل نہیں۔ گائے کے نام پر قتل (موب لنچنگ)، حجاب پر پابندی، کورونا کے دوران تبلیغی جماعت کو بدنام کرنا، این آر سی اور سی اے اے جیسے متنازع قوانین یہ سب اس بات کی علامت ہیں کہ بھارت میں مسلمانوں کے خلاف نفرت کو روزمرہ کی پالیسی بنا دیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو "دوسرے درجے کا شہری" بنانے کی کھلی کوششیں جاری ہیں۔ ریاستی سرپرستی میں چلنے والی نفرت انگیز مہمات نے معاشرے کے ہر طبقے میں مسلمانوں کے خلاف شک اور دشمنی کو جنم دیا ہے۔ سوشل میڈیا سے لے کر مین اسٹریم میڈیا تک، مسلمانوں کی کردار کشی ایک باقاعدہ مہم کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ مسلمانوں کو تعلیمی اداروں تک رسائی سے روکنے کے بعد انہیں معاشی طور پر کمزور کرنے کی کارروائیاں بھی تیز ہو گئی ہیں۔ دکانیں توڑنا، کاروبار بند کرانا، مسلمانوں کی معاشی سرگرمیوں کو "غیر قانونی" قرار دینا حتیٰ کہ ریڑھی والے اور چھوٹے کاروباری طبقے کو نشانہ بنانا بھارت کا نیا معمول ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جب کسی قوم کو تعلیم سے محروم کیا جائے، اس کی معاشی بنیادیں کمزور کر دی جائیں، اس کی سیاسی آواز دبائی جائے اور اسے عدالتی انصاف سے دور رکھا جائے، تو وہ قوم نہ صرف پیچھے رہ جاتی ہے بلکہ اس کا آنے والا مستقبل بھی تاریک ہو جاتا ہے۔ یہی صورت حال آج بھارت کے لاکھوں مسلمان خاندانوں کی ہے۔ دارالعلوم دیوبند ایک ایسے علمی ادارے کا نام ہے جس نے نہ صرف برصغیر بلکہ پوری مسلم دنیا کو فکر و دانش کے حوالے سے ایک سمت دی۔ آج اس کے مایہ ناز اساتذہ تک کو یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ "حکومت پوری کوشش میں ہے کہ مسلمان کبھی سر نہ اٹھا سکیں"۔ یہ جملہ صورتحال کی سنگینی بیان کرتا ہے۔ جب بڑے مذہبی اور علمی ادارے بھی حکومتی صف بندی کا نشانہ بنیں تو عام مسلمان کا حال کیا ہوگا؟ یہ سوال ہندوستان کی جمہوریت کے ماتھے پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔

دنیا بھارت کو ایک ابھرتی ہوئی طاقت کے طور پر پیش کرتی ہے، مگر بھارت کے اندر اقلیتیں خاص طور پر مسلمان اس ابھار کی قیمت اپنے بنیادی حقوق کھو کر ادا کر رہے ہیں۔ بھارت کا اصل چہرہ اب ایک ایسی جمہوریت ہے جس میں اکثریت نے آئین کو یرغمال بنا لیا ہے۔ قانون اور انصاف کا نظام طاقتور کیلئے آسان اور کمزور کیلئے بھاری ہے۔ مسلمان چونکہ سب سے بڑا اور سب سے کمزور طبقہ بن چکے ہیں، اس لیے سب سے زیادہ ظلم بھی انہیں ہی سہنا پڑ رہا ہے۔ یہ سب کچھ محض اتفاق نہیں۔ یہ ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے۔ تعلیم سے محروم رکھو، قیادت سے دور رکھو، عدالتی کیسز میں الجھا دو، معاشی سرگرمیاں کمزور کرو، سیاسی آواز ختم کر دو اور پھر یہ کہہ دو کہ "مسلمان ترقی نہیں کر رہے"۔ مولانا ارشد مدنی کے الفاظ "آج مسلمانوں کا حوصلہ پست کر دیا گیا ہے" یہی مکمل حقیقت ہے۔ یہ حوصلہ پست کرنے کا عمل کوئی حادثاتی واقعہ نہیں بلکہ ایک منظم حکمت عملی ہے۔ جو ملک اپنی 20 کروڑ آبادی کو دوسرے درجے کا شہری سمجھنے لگے، وہاں معاشرتی ہم آہنگی، معاشی مضبوطی اور سیاسی استحکام کبھی قائم نہیں ہو سکتا۔ بھارت اگر واقعی ایک عظیم ملک بننا چاہتا ہے تو اسے اپنی اقلیتوں کے ساتھ انصاف کرنا ہوگا، انہیں برابر کے حقوق دینا ہوں گے، اور انہیں مذہبی یا سیاسی شناخت کی بنیاد پر نشانہ بنانے کا سلسلہ ختم کرنا ہوگا۔ مولانا ارشد مدنی کے بیان نے صرف ایک درد کی طرف اشارہ نہیں کیا بلکہ بھارت میں مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے ظلم کے پورے باب کو کھول کر رکھ دیا ہے۔ آج دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں مسلمان میئر، وزیر، تاجر اور سائنس دان بن رہے ہیں۔ مگر انڈیا میں بیس کروڑ ہونے کے باوجود وہی مسلمان اپنی شناخت بچانے کی جنگ لڑ رہا ہے۔

بقیہ 1

مواقع پیدا کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کے لیے کوشاں ہیں۔ اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ اور تعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا۔ شہباز شریف نے وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کے فنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے اور جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سٹیٹ بینک اور ایف بی آر کو مل کر چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور برآمد کنندگان کے ٹیکس مسائل حل کرنے جبکہ ایس ایم ایز کو قرضوں کی آسان فراہمی کے لیے رسک کوریج کی جامع حکمت عملی مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی بڑھانے کے لیے اسٹیٹ بینک تین بنیادی ستونوں پر کام کر رہا ہے، جن میں ضوابط میں بہتری، حکومت اور بینکوں کے درمیان رسک اور اخراجات میں شراکت داری اور ڈیجیٹل سہولیات کا فروغ شامل ہیں۔ شرکا کو بتایا گیا کہ اس سلسلے میں ایس ایم ایز کے لیے ایس ایم ای کلیکٹ ڈیجیٹل پورٹل بھی شروع کیا گیا ہے، جس کے ذریعے کاروباری افراد قرضوں کے حصول کے لیے درخواستیں جمع کرانے کے ساتھ ان کی پیش رفت بھی دیکھ سکیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 23 اکتوبر 2026 تک وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت 511 ارب روپے کے قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ مجموعی طور پر 86 ہزار 899 قرضوں کی منظوری دی گئی جبکہ 15 ہزار 584 درخواست گزاروں کو 91 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 2

200 ملٹی جنس بیسڈ آپریشن کرتی ہیں۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پولیس، فوج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر ادارے مشترکہ تعاون سے کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہماری اپروچ بھارت کی طرح نہیں ہے کہ ہم تمام داخلی مسائل کو بیرونی قرار دیں اور ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے بلکہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی ہوتی ہے جہاں دہشت گردوں کی قیادت، ان کے تربیتی کیمپ اور لانچ پیڈز موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا کسی بھی ملک یا فوج کے پاس وہ تجربہ نہیں جو ہمارے پاس گزشتہ 20 سال سے لڑنے کی وجہ سے ہے، خیبر پختونخوا کے لوگوں نے اس دہشت گردی کی وجہ سے سب سے زیادہ مصائب برداشت کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک بہت خاص حصہ ہیں۔ پشتونوں سے بہتر کوئی لوگ نہیں، وہ اپنی روایات پر فخر کرنے والے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام امن و استحکام کا مطالبہ کرتے ہیں اور وہ اس کے مستحق بھی ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال ایک سیاسی سوال ہے جس کا جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، البتہ ہم جو سمجھتے اور جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ حکومت کی تبدیلی آئینی و قانونی ضوابط کے مطابق ہوئی تھی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر بلوچستان کی ترقی اور ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بلوچستان میں دہشت گرد صرف ٹارگٹ کلنگ، ایل پی جی ٹرکوں، اسکولوں اور اساتذہ پر بھی حملے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پلوں اور ریلوے لائنوں کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل ہو جائیں، ہر وہ چیز جو مقامی آبادی کو روزگار اور معاشی قوت فراہم کرے، دہشت گرد اسے نشانہ بناتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان کی اشرافیہ عام عوام کو غریب اور ان پڑھ رکھ کر اپنا اثر و رسوخ قائم رکھنا چاہتی ہے، دہشت گرد اور اشرافیہ بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنا چاہتے ہیں تاکہ محرومی کا بیانیہ برقرار رہے۔ بلوچستان میں دہشت گردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی کے مخالف ہیں۔

بقیہ 3

درمیان مضبوط روابط، باہمی تعاون اور ہم آہنگی کو مزید فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے موثر اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط وفاق ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی اور استحکام تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے سے ہی ممکن ہے۔ پاکستان کے تمام صوبے ملک کے اہم اور مضبوط ستون ہیں اور ہر صوبے کی ترقی دراصل پاکستان کی مجموعی ترقی ہے۔ میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ پاکستان ہے تو بلوچستان ہے اور بلوچستان پاکستان ہے۔

بقیہ 4

ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ علیمہ خان کا غریب ڈرائیور بغیر کسی جرم کے جیل میں پڑا ہے، علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کو پہلے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد نظربندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ڈرائیور جو مزدوری پر تھا، اسے بھی گرفتار کرلیا گیا۔ آج ہم یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ عدالتیں ملاقات بھی نہیں کرا سکتیں۔ کسی کو بھی کسی وقت اٹھایا جاسکتا ہے اور عدالتیں انصاف فراہم نہیں کر سکتیں

بقیہ 5

کے مطابق اصغر خان اچکزئی کو 21 اکتوبر کو ضمانت مسترد ہونے پر گرفتار کیا گیا تھا، جس کے بعد عدالت نے انہیں پہلے چار روزہ اور بعد ازاں سات روزہ ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا تھا۔ مقدمے کی کارروائی کے دوران مقتول کے والد کا بیان سامنے آنے کے بعد اصغر خان اچکزئی کو مقدمے سے ڈسچارج کر دیا گیا، جس کے نتیجے میں ان کی رہائی عمل میں آئی۔

بقیہ 6

عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جبکہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کو سزا سے بچنے دینا عوام کے حق آگاہی کو خاموش کرنے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے، طاقت کے ایوانوں کا احتساب کرنے اور معاشرے میں شعور و آگاہی پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 7

کہا کہ ملک میں قانون موجود ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ خود اختیار کرے گا۔ حکومت کے پاس فیک نیوز کے خلاف قانونی کارروائی کا پورا حق حاصل ہے اور کسی کو بھی نفرت انگیز مواد پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان نے انکشاف کیا کہ بلوچستان کے تین صحافیوں کے خلاف مبینہ طور پر غلط اور بے بنیاد خبریں نشر کرنے پر باقاعدہ قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جن صحافیوں کے خلاف اقدامات اٹھائے گئے ہیں ان میں آغا عبید، شاہ اللہ اچکزئی اور مقبول جعفر شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فیک نیوز پھیلانے پر تینوں افراد کے خلاف این سی سی آئی اے (NCCIA) کے ذریعے باضابطہ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں اور معاملے کی قانون کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔

بقیہ 8

کے وزیر لیو ہائی فنگ کے ہمراہ خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ دورہ پاکستان پر چینی وزیر کا خیر مقدم کرتے ہیں، چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں۔ پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ چینی کمیونسٹ پارٹی اپنی تاسیس کی 105 ویں سالگرہ منا رہی ہے۔ صدر شی کی زیر قیادت چین نے عوام دوست حکمرانی کا ایک [illegible] سامنے رکھا

بقیہ 9

ناگزیر ہے۔ اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام 29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظرثانی کا تقاضا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازعات اور یوکرین جنگ کے اثرات عالمی معیشت، توانائی اور خوراک کی قیمتوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان نے وژن 2025 کے تحت چوتھے صنعتی انقلاب کی تیاری شروع کی تھی

بقیہ 10

کی ہوئی۔ دنیا کے حوالے سے گلوبل ساؤتھ کا تصور اب تبدیل ہو گیا ہے۔ اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ امیر ممالک کے لیے شرح سود 2.3 فیصد جبکہ غریب ممالک کیلئے 5 فیصد ہے۔ تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ جنگ کہیں اور ہوتی ہے، تیل کی قیمتوں کے اثرات کوئی اور بھگت رہا ہوتا ہے۔ کیا ان ماحولیاتی اثرات کے سامنے ایک پاکستانی [illegible] سکیں گے۔

بقیہ 11

صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی سنگین ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب صوبے میں خان آف قلات کا اپنا محفوظ نہیں ہے تو عام شہری کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ حالات اس حد تک خراب ہو چکے ہیں کہ وہ خود اپنے حلقے قلات تک بذریعہ سڑک سفر نہیں کرسکتے۔ اس وقت بلوچستان کا کوئی بھی علاقہ امن کے لحاظ سے محفوظ نہیں رہا۔ مدارس بل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم میں مدارس بل کا ایک شق شامل تھا جس پر صوبوں نے عملدرآمد کرنا تھا۔ تاہم جب 26 ویں آئینی ترمیم کی دیگر شقوں پر عمل ہو رہا ہے تو مدارس بل پر عملدرآمد نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس سلسلے میں اپنا وعدہ وفا نہیں کیا اور حکومت نے اس معاملے پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ہمیشہ جمہوریت، پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی حقوق کی بات کی ہے اور کوئی غیر جمہوری بات نہیں کی۔ اپوزیشن لیڈر نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے مدارس بل پر سنجیدہ اقدامات نہ کیے تو جلد بلوچستان بھر کے دورے کیے جائیں گے اور اس حوالے سے سخت لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ 12

اصول وضع کر دیے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس روزی خان بڑیچ پر مشتمل بنچ نے کیس کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نظرثانی کا مقصد مقدمے کی دوبارہ سماعت یا پہلے سے طے شدہ نکات پر بحث کا ایک اور موقع فراہم کرنا نہیں، بلکہ ریکارڈ پر موجود واضح غلطی یا ایسی کوتاہی کی نشاندہی ہے جس سے انصاف متاثر ہوا ہو۔ فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلوں کی وفاقی آئینی عدالت کیلئے صرف قائل کرنے والی دلیل کی حیثیت ہے۔

بقیہ 13

کو اغوا کر کے لے گئے۔ لواحقین نے لاشیں سڑک پر رکھ کر احتجاج کیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا جب کہ احتجاج کے باعث کوئٹہ چمن شاہراہ بند ہوگئی۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کا کہنا ہے کہ [illegible]۔

بقیہ 14

علاقے کی تعمیر و ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی حقوق کے تحفظ، جمہوری اقدار کے فروغ اور محروم طبقات کی نمائندگی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ہماری سیاست کا محور اقتدار نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور انہیں بہتر زندگی کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ میر عبداللہ گورگیج نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 کو ایک ماڈل ایریا بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کے تحت عملی اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 15

زندگی میں مزید بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری افسران عوامی مسائل کے حل کو اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھیں، شفافیت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں اور ضلعی سطح پر حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی، سستی اشیاء کی دستیابی اور عوامی شکایات کا فوری حل صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 16

ہے کیا وہ نہیں کر سکتے تھے، جب ملازمین ان کے گھروں میں نوکری کر رہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہ لے رہے تھے مگر جس نے اب گھر بیٹھے تنخواہ لی ہے وہ نوکری سے جائے گا، جرم ثابت ہونے پر سزا و جزا کا نظام ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ہم مذاکرات کریں، پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے بیٹر میں، جنرل سیکرٹری، اسٹیبلشمنٹ کو نہیں مانتی تو تسلیم کیا مانیں گے۔ گورنر کے پی کا کہنا تھا کہ وہ آئین میں [illegible] ہیں۔

بقیہ 17

خطرہ بڑھ گیا ہے۔ صوبے میں رواں سال کی پانچویں اور سات روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز آج 2 نومبر سے ہو چکا ہے جس کے دوران صوبے کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ اس مقصد کے لیے 9 ہزار 880 سے زائد ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ افغانستان میں رواں سال پولیو کے 50 سے زائد کیسز رپورٹ ہونے کے باعث بلوچستان کے سرحدی اضلاع خصوصاً چمن اور قلعہ عبداللہ میں وائرس کی منتقلی کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

بقیہ 18

انتہائی کامیاب ہڑتال کی، جس کے نتیجے میں صوبے بھر کے تمام سرکاری اسپتالوں میں صبح 9 سے 10 بجے تک او پی ڈیز علامتی طور پر بند رہیں، جبکہ نجی اسپتالوں اور کلینکس میں تمام ڈاکٹر سراپا احتجاج رہے۔ پی ایم اے بلوچستان نے مرکزی کال پر صوبائی سطح پر مکمل یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام ڈاکٹروں کا شکریہ ادا کیا اور واضح کیا کہ اس علامتی ہڑتال سے عوام اور مریضوں کی مشکلات کے مدنظر ہڑتال کو دو دن تک محدود رکھا گیا ہے، تاہم اگر حکومت نے مطالبات تسلیم نہ کیے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 19

مظاہرے کا اعلان کیا۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ایک اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گھریلو صارفین کو بھاری بھرکم گیس بلوں کے اجراء، گیس لوڈشیڈنگ اور اس سے پیدا ہونے والی سنگین صورتحال کے خلاف 5 نومبر بروز جمعرات سہ پہر 3 بجے کوئٹہ میں عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں پارٹی کے سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز اور ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی

بقیہ 20

کردیا۔ انتخابی عذرداری کی سماعت بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس کامران ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔ حلقہ پی بی 47 کوئٹہ سے مسلم لیگ (ن) کے زرک خان مندوخیل کی کامیابی اور ان کے کاغذات نامزدگی کو شکور اللہ کی جانب سے چیلنج کیا گیا ہے۔ دوران سماعت عدالت نے شکور اللہ کی جانب سے دائر انتخابی عذرداری کو باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے زرک خان مندوخیل کو سیکرٹری صوبائی اسمبلی بلوچستان کے ذریعے نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا

بقیہ 21

ہے۔ سفارتخانے نے واضح طور پر کہا ہے کہ یہ رپورٹس بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق تہران میں پاکستانی سفارتخانے نے پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی سے متعلق گردش کرنے والی افواہوں کی تردید کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا کہ سوشل میڈیا اور دیگر حلقوں میں ایران میں پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی سے متعلق بعض رپورٹس کا نوٹس لیا گیا ہے۔ سفارتخانے نے زور دے کر کہا کہ شائع کی گئی یہ رپورٹس مکمل طور پر بے بنیاد ہیں اور ان میں کسی قسم کی حقیقت یا اعتبار موجود نہیں ہے۔

بقیہ 22

کیلئے ہرممکن کوشش کرتے رہے ہیں۔ بیرسٹر سیف کا یہ کہنا ہے کہ آج تک ہمارا بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی۔ بیرسٹر سیف کے تمام دعوؤں کو بھی مسترد کرتا ہوں، ان کے تمام دعوے جھوٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے عدالت اور مذاکرات کے ہر طریقے سے کوشش کی، تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جب کہ مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی۔

بقیہ 23

صورتحال، حریت کانفرنس کی سرگرمیوں اور مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام پر مودی حکومت کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر [illegible] گیلانی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ کشمیری عوام گزشتہ 79 برس سے حق خودارادیت کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ حریت قیادت کی مسئلہ کشمیر کو زندہ رکھنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں

بقیہ 24

پریس کانفرنس میں ندامت کا اظہار کیا ہے۔ مکران کے علاقے پروم کے رہائشی محمد حیات نے اپنے والد عبدالعزیز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بھائی شکیل احمد 5 سال قبل [illegible] کے بہکاوے میں آ کر گھر چھوڑ گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ کوشش کر کے اسے واپس بھی کروایا گیا، تاہم وہ دوبارہ تنظیم میں چلا گیا۔ محمد حیات کے مطابق 2 ماہ قبل انہیں معلوم ہوا کہ شکیل احمد گوادر میں دہشت گردی کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہو گیا ہے۔

بقیہ 25

ریلوے اسٹیشن کے نزدیک پیش آیا، جہاں بچی ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والی بچی کی شناخت مقتولہ کے نام سے ہوئی ہے، جس کی عمر چھ سال بتائی جاتی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ حکام نے صورتحال کا نوٹس لیا۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر [illegible] نے اسپتال کا دورہ کیا، جہاں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر انہوں نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ چھ سالہ بچی کی المناک موت کے باعث علاقے میں سوگ کی فضا پھیل گئی، جبکہ واقعے نے اہل علاقہ کو غمزدہ کر دیا۔

بقیہ 26

درپیش مشکلات، گیس کی بلاتعطل فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی سے متعلق صورتحال اور صارفین کو روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ گیس کی فراہمی میں درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے، صارفین کی شکایات کو سنجیدگی سے لینے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے باہمی رابطے اور موثر حکمت عملی کی اہمیت بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ 27

داری ہے حقائق سامنے لانے والے صحافیوں کو ہراساں کرنا جمہوری اقدار اور بنیادی انسانی حقوق کی نفی ہے۔ آزادی صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کا تحفظ ہے صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار نہیں کی جا سکتی۔ ایسے واقعات کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانا ہوگا صحافیوں کے تحفظ کے لیے مؤثر قانون سازی اور قوانین پر عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آزاد اور ذمہ دار صحافت کے بغیر مضبوط جمہوری معاشرے کا تصور ممکن نہیں صحافیوں کے معاشی حقوق، روزگار کے تحفظ اور بہتر پیشہ ورانہ ماحول کو یقینی بنانا بھی ناگزیر ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ آزادی اظہار اور آزادی صحافت کے لیے جدوجہد سے عبارت ہے شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ جمہوریت، اظہار رائے اور آزاد صحافت کے حق کا دفاع کیا، مقبوضہ کشمیر میں پابندیوں کے باوجود حقائق دنیا تک پہنچانے والے صحافیوں کو سلام پیش کرتے ہیں غزہ میں صحافتی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے جانیں قربان کرنے والے فلسطینی صحافیوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں عالمی برادری کشمیر اور فلسطین میں صحافیوں کے تحفظ اور آزادی صحافت کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ صحافیوں کو خوف کے بجائے آزادی اور وقار کے ساتھ کام کرنے کا حق دینا ہوگا، سچ کی آواز دبانے کے بجائے اسے تحفظ دینا ہی ایک مہذب اور جمہوری معاشرے کی پہچان ہے۔

بقیہ 28

چیلنجز ایسوسی ایشن کی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایک مالیاتی [illegible] چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور پائیدار اور قابل عمل معیشت کا حصہ بنائے، ڈیجیٹل ادائیگیوں کو مالیاتی نظام میں لنک، حقیقی معاشی گہرائی اور کاروباری آسانی کی بنیاد رکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سفر معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافہ اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے

بقیہ 29

ہیں۔ پولیس کے ایک اہلکار نے بتایا کہ خان یونس کے مغرب میں واقع المواسی پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک بچہ اور ایک خاتون اور دو لڑکیوں سمیت پانچ دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ علاقہ حالیہ دنوں میں بار بار حملوں کا نشانہ بن رہا ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ ایک اسرائیلی ڈرون نے اس علاقے میں ایک فلسطینی کی طرف کم از کم ایک میزائل فائر کیا، اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے شہر کے مشرق اور جنوب میں مقامات کی طرف شدید فائرنگ کی۔

بقیہ 30

گئے۔ استنبول ایئرپورٹ پر پاکستان کے قونصل جنرل خواجہ خرم تہیم نے وفاقی وزیر تجارت کا استقبال کیا۔ جام کمال خان اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، جہاں اسلامی ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر تجارت کی ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے ہم منصب وزرائے تجارت سے اہم دو طرفہ ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں۔

بقیہ 31

(WEXNET) کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیا کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔

بقیہ 32

ڈاسکہ میں ہونے والے واقعے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پچھو کے نام سے [illegible] اپنی شادی کی تقریب پر نقدی انعامات کا اعلان کرتے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لیے کیا، [illegible] سوشل میڈیا پر [illegible]۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے کے غریب عوام کی غربت کا مذاق اڑایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے

بقیہ 33

31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیے گئے۔ ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے مکمل ریٹرن فائل کرنے کے بعد ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل ہو سکیں گے۔ لسٹ میں واپسی کے لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔ توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام بھی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں، توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔

بقیہ 34

قاضی احمد میں مبینہ سود خوری سے پریشان خاتون نے قرض کی رقم ادا کرنے کے لیے اپنے چار بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیل کے مطابق شمشاد بی بی پریس کلب پہنچ گئیں، جہاں انہوں نے الزام لگایا کہ مبینہ سود خور انور شاہ لکھیاری ان سے 20 لاکھ روپے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شمشاد بی بی کا کہنا تھا کہ وہ سود کی رقم ادا کرنے کے لیے اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان کے شوہر اللہ ڈھیو کھوکھر کو بھی مبینہ طور پر پولیس کے ذریعے اغوا کروایا گیا ہے۔

بقیہ 35

باتیں کی ہیں وہ حقیقت اور سچ پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا، میرے پاس شواہد نہیں ہیں مگر پنجاب میں کرپشن کی کہانیاں زبان زد عام ہیں، وہاں کرپشن کی ملکیت نہیں بلکہ الماریاں بھری پڑی ہوں گی۔ سالک حسین نے صوبائی بجٹ کی تقسیم پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پنجاب کا سارا بجٹ لاہور چلا جاتا ہے اور شریفوں کی مرضی ہے کہ کیسے تقسیم کریں۔ جہاں حکومت کے لوگ بیٹھے ہیں وہاں سب کچھ دے دیا جاتا ہے، جبکہ جس ضلع میں ان کے لوگ نہیں بیٹھے وہ پورا ضلع محروم رہتا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے انہوں نے تبصرہ کیا کہ "کیا کوئی چاہے گا کہ بڑے محل سے نکل کر 10 مرلے کے گھر میں آ جائے؟" وفاقی وزیر نے سرکاری اخراجات اور جہازوں کے استعمال پر بھی کہا کہ جہازوں اور شاہانہ اخراجات پر احساس کرنا چاہیے اور ملک کے حالات کو دیکھ کر کام کرنا چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جہاز کا ذاتی استعمال نہیں ہونا چاہیے، اور اگر سرکاری استعمال کیا جا رہا ہے تو واپس آ کر نتائج بھی بتائیں کہ دورے سے کیا حاصل ہوا۔ چوہدری سالک حسین نے بیوروکریسی اور سسٹم کے اندر موجود مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ سسٹم میں بلاوجہ سپیڈ بریکر بنائے گئے ہیں، یہ کچھ لوگ کسی اور کے ایجنڈے پر کام کر کے ملک کی ترقی روک رہے ہیں، اداروں کو ایسے لوگوں کی نشاندہی کرنی چاہیے۔

بقیہ 36

نذرانہ پیش کرنے والے تمام صحافیوں، بالخصوص بلوچستان میں مشکل ترین حالات کے باوجود فرائض سرانجام دینے والے صحافیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے خلاف ہونے والے جرائم اور تشدد کے واقعات میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 37

عبدالمالک بلوچ نے کی۔ اس دو روزہ تقریب میں "مکالمہ و شعر و شاعری کا دیوان" کے عنوان کے تحت خصوصی نشستیں منعقد کی گئیں۔ تقریب میں ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر سرور، خانہ فرہنگ ایران کے ڈی جی، اور رکن صوبائی اسمبلی (MPA) میڈم کلثوم نیاز سمیت صوبے کی نامور ادبی شخصیات، شعراء، محققین اور شائقین ادب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 38

اور ملازمین کو [illegible] بنانے کی شدید مذمت کرتی ہے۔ اے آئی اینڈ انٹیلیجنس سسٹم کا آزادانہ [illegible] آڈٹ کرایا جائے اور [illegible] ہونے تک متبادل حاضری کا نظام جاری رکھا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ محکمہ صحت کا اے آئی اینڈ انٹیلیجنس سسٹم مسلسل تکنیکی نقائص اور گلیچ کے باعث شفافیت اور افرادی [illegible] کے حوالے سے شدید مسائل پیدا کر رہا ہے

بقیہ 39

کے زیر نقاب ادارے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اشرافیہ اور منتخب قوتوں کو اپنی منشا کے مطابق کالم نگاری اور آزادی صحافت کو مقتدر قوتوں کے ذریعے کنٹرول کرنا [illegible] قرار دیتے ہوئے غیر اعلانیہ مارشل لا میں نامور صحافیوں اور کالم نگاروں کو ذاتی طور پر ہراساں کر کے پابند سلاسل کرنا آمرانہ دور حکومت کے مترادف اقدام ہے

بقیہ 40

کردیا گیا تفصیلات کے مطابق میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر کئی روز سے کام چھوڑ ہڑتال پر بیٹھے تھے جبکہ میونسپل کارپوریشن کے میئر میر مظفر خان جمالی چیف افسر سعد علی جتوئی کیمپ پر پہنچ گئے اور ملازمین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے کے لیے دھرنے میں بیٹھ گئے اور ملازمین کے ساتھ کامیاب مذاکرات کر کے احتجاج ختم کرایا

بقیہ 41

تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری ماحولیات نور احمد پرکانی، ڈی جی ماحولیات ظہور احمد بلوچ اور آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر عبدالمالک ادارہ ماحولیات یونٹ کی نو منتخب کابینہ کے علاوہ افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ صوبائی عہدیداروں نے منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی اصل طاقت اس کے اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی جدوجہد میں مضمر ہوتی ہے۔ امید ہے کہ نو منتخب کابینہ ملازمین کی فلاح و بہبود، جائز مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 42

عرصے سے ایک روپے کا کام زمین پر نہیں ہو رہا ہے لیکن اس کا نظام بھی پرائیویٹ لوگ وصول کر رہے ہیں کوئٹہ کا مٹن مارکیٹ، بلدیہ پلازہ، سرکی روڈ، رنگ پلازہ، بلدیہ [illegible] روڈ کا [illegible] دیگر کئی لوگوں نے قبضہ کیا

بقیہ 43

ہے، تاہم پائیدار ترقی کے لیے معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص خواتین کی مؤثر شمولیت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ صوبائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ 44

دائر درخواستیں شامل ہوں گی۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق 4 اور 5 نومبر 2026 کو جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ پر مشتمل بنچ مقدمات کی سماعت کرے گا۔ 6 نومبر 2026 کو دو الگ الگ بنچ سماعت کریں گے۔ بنچ اول میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہوں گے

بقیہ 45

اور متعلقہ حکام سے اظہار تشکر کیا ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل عبدالستار، صوبائی نائب صدر شاہ علی آغا، مرکزی سیکرٹری اطلاعات منظور احمد بلوچ، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے رہنما سیف اللہ خان [illegible]، محمد نعیم، بخت محمد، [illegible] اور دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کیلئے ورکرز ویلفیئر فنڈ حکام کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

بقیہ 46

منعقدہ عظیم الشان [illegible] کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان موجودہ پر فتن دور میں جماعت مخالف قوتوں کی جانب سے جاری منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ دلیل، سیاسی بصیرت اور اخلاقی اقدار کے دائرے میں رہتے ہوئے کریں۔ کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ وہ جماعت کے منشور، اکابرین کی جدوجہد اور قیادت کے پیغام سے عوام کو آگاہ کریں

بقیہ 47

رکھ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر حسین ہانزلہ کا کہنا تھا کہ [illegible] پہلے ہی بنیادی سہولیات سے محروم ہے جہاں گیس، بجلی اور امن و امان کا نام و نشان نہیں، اور رہی سہی کسر ضلعی انتظامیہ نے تجاوزات کے نام پر ناانصافی پر مبنی کارروائیوں سے پوری کر دی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ انتظامیہ سیاسی انتقام اور سیاسی پسند و ناپسند کی بنیاد پر آپریشن کر رہی ہے۔

بقیہ 48

ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیا کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔

بقیہ 49

درخواست دی اور کاغذات ارسال کیے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کو خط کے ذریعے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت کارروائی کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ ل

بقیہ 50

اور بعد ازاں ان کی اہلیہ کے ساتھ مبینہ طور پر قابل اعتراض تعلقات قائم کرلیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کی ڈیوٹی کے دوران یاسر گھر آتا جاتا اور بچوں کے سامنے ان کی اہلیہ کو ساتھ لے جانا معمول بن چکا تھا۔

بقیہ 51

بنیادی حقوق، قانون کی حکمرانی، شفاف نظام حکومت اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کے لیے آواز بلند کی ہے۔ [illegible] پارٹی کے پیغام کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں تک پہنچانے اور نوجوانوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 52

معاشی اور قومی ترقی کی اہم شراکت دار بھی ہیں۔ ان کی صلاحیتوں، تجربات اور مسائل کو قومی پالیسی سازی اور قانون سازی میں مناسب نمائندگی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اور حکومت میں خواتین کی موجودگی جمہوری نظام کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ قانون سازی کو زیادہ جامع، متوازن اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بناتی ہے۔ خواتین ارکان پارلیمنٹ اپنے تجربات اور زمینی حقائق کی روشنی میں ایسے مسائل کو ایوانوں میں اجاگر کرتی ہیں جو اکثر عمومی بحث میں نظرانداز ہو جاتے ہیں۔ خواتین کے حقوق، تعلیم و صحت، معاشی خودمختاری، ملازمت کے مساوی مواقع، تحفظ اور بچوں کی فلاح و بہبود جیسے معاملات پر ان کا کردار خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 53

پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ان شاء اللہ شاپنگ ایریا سے کراچی بازار تک جلد دورہ کریں گے۔ تاجروں کے مسائل کا جائزہ لیں گے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور تاجر برادری کے باہمی تعاون، مشاورت اور مشترکہ کوششوں سے مسائل کو موثر انداز میں حل کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 54

مقرر جس پر [illegible] مجبور ہے ان کے گھرانے [illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری نے احتجاج کے دوران چار ماہ سے بند تنخواہوں کی فوری جاری کرنے کا وعدہ بھی کیا لیکن تاحال اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا احتجاج کے دوران صوبے بھر سے میئرز، ڈپٹی میئرز، ڈسٹرکٹ کونسلز کے چیئرمین و وائس چیئرمین، میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمین و وائس چیئرمین اور یونین کونسلز کے چیئرمین و وائس چیئرمین نے بھرپور انداز میں شرکت کی

بقیہ 55

علی بلوچ، پرنسپل نظر حسین، ایڈیشنل ایجوکیشن [illegible] سعید، اے ڈی او میر احمد، بلوچی ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ ڈاکٹر مجاہد بلوچ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسپورٹس [illegible]، [illegible] کے عبداللہ کریم، وائس پرنسپل محمد آصف، کوہل اکیڈمی کے ڈائریکٹر وقار احمد، آسکانی، معروف شاعر غلام نبی بامنہ، سوشل ورکر یونیورسٹی آف مکران پروفیسر ڈاکٹر [illegible] بھی موجود تھے

بقیہ 56

کے پہلے مرحلے کا انعقاد تمام تر ضروری اور بروقت اقدامات مکمل کر لیے ہیں۔ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے پولیو ورکرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ورکرز قومی جذبے، محنت اور لگن کے ساتھ فرائض انجام دیں تاکہ کوئی بھی بچہ عمر بھر کی معذوری کا سبب بننے والی اس مہلک بیماری کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے

بقیہ 57

میں اے ایس پی [illegible] اسسٹنٹ کمشنر عبدالجبار اور ٹریفک پولیس، میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر قائم غیر قانونی تجاوزات، فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم ریڑھیوں سمیت دیگر تجاوزات کو ہٹا کر راستے عوام کے لیے بحال کر دیے گئے

بقیہ 58

دکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے مختلف بیکریوں، ہوٹلوں اور تندوروں میں اشیائے خورد و نوش کے معیار، قیمتوں اور صفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور صاف ستھری اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ روٹی سمیت دیگر اشیائے ضروریہ کی فروخت مقررہ سرکاری نرخنامے کے مطابق کی جائے

بقیہ 59

اور سربراہان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں لورالائی کی مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، انجمن تاجران کے عہدیداران، سماجی کارکنان، قبائلی رہنماؤں، عمائدین علاقہ، شہریوں اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات براہ راست صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر اور متعلقہ سرکاری افسران کے سامنے پیش کیں

بقیہ 60

قلات سید زاہد حسین شاہ نے جوانوں میں [illegible] تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ پولیس میں شمولیت حاصل کرنا عوامی خدمت اور علاقے کی پاسبانی کا بہترین موقع ہے۔ انہوں نے تمام نئے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر دیانتداری سے انجام دیں

بقیہ 61

اور پانچی اقوام کے چیف حضرت علامہ مولانا سردار مفتی محمد وزیر القادری دامت برکاتہم العالیہ کے برادر اصغر تھے مرحوم نے اپنی پوری زندگی دین اسلام کی خدمت، علوم دینیہ کی ترویج و اشاعت، تعلیم و تربیت اور مسلک اہلسنت کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی وہ اپنی علمی قابلیت، دینی بصیرت، سادگی، اخلاص اور تبلیغ دین کے جذبے کے باعث عوام و خواص میں قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے

بقیہ 62

تنخواہیں وصول کرنے کا سنسنی خیز انکشاف سامنے آیا ہے جس سے صوبائی حکومت کے خزانے کو ماہانہ بنیادوں پر کروڑوں روپے کا بھاری نقصان پہنچ رہا ہے۔ غیر حاضر ملازمین کی وجہ سے صوبائی حکومت کو سالانہ کروڑوں روپے کا چونا لگایا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایکسین پبلک ہیلتھ ان ملازمین کو ڈیوٹیوں کا پابند بنانے میں مکمل طور پر بے بس دکھائی دیتے ہیں متعلقہ افسران کی مبینہ بے بسی یا خاموشی نے محکمے کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اٹھا دیا ہے۔

بقیہ 63

خطاب کرتے ہوئے میر علی حسن زہری نے پرتپاک استقبال اور والہانہ محبت پر چیئرمین اسد شیخ، یوسف شیخ اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی محبت اور اعتماد ان کے لیے باعث فخر اور خدمت خلق کے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا ذریعہ ہے۔

بقیہ 64

کے ساتھ عوامی مشکلات میں کمی اور سرکاری اداروں پر شہریوں کا اعتماد مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع، کم آبادی اور دور دراز آبادیوں پر مشتمل صوبے میں جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل نظام کا فروغ خصوصی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ اس کے ذریعے سرکاری خدمات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے، دفتری پیچیدگیوں میں کمی اور مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں ڈیجیٹل سروس ڈیلیوری کے موضوع پر منعقدہ افتتاحی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر بابا خان بلیدی نے کہا کہ ڈیجیٹل گورننس محض ٹیکنالوجی کے استعمال کا نام نہیں بلکہ سرکاری نظام میں اصلاحات، شفافیت، جوابدہی اور عوامی ضروریات کے مطابق خدمات کی فراہمی کا ایک جامع طریقہ کار ہے۔

بقیہ 65

تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں گڈانی، ڈام بندر، کنڈ ملیر اور ماڑہ تک سمندری حدود میں بڑی لانچوں اور کشتیوں کے ذریعے مبینہ طور پر ممنوعہ جال وائر نیٹ استعمال کرکے چھوٹی مچھلیوں کا بے دریغ شکار کیا جا رہا ہے۔ گڈانی سے اور ماڑہ تک ممنوعہ وائر نیٹ جالوں کے مسلسل استعمال سے چھوٹی مچھلیوں کے ساتھ سمندری حیات کی دیگر اقسام بھی بڑی تعداد میں شکار ہو رہی ہیں

بقیہ 66

فراہمی، مریضوں کی دیکھ بھال اور صحت کے مراکز میں طبی خدمات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی اولین ترجیح ہے کہ ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات میسر آ سکیں

بقیہ 67

گیا انٹرویو بورڈ کے دیگر اراکین میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نقیب اللہ ترین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قیوم خان شامل تھے، جبکہ سپرنٹنڈنٹ حاجی عصمت اللہ اور بابو داد خان حمزہ زئی نے انٹرویوز کے انتظامی امور اور امیدواروں کی معاونت میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر ڈیٹا انٹری آپریٹر، [illegible] ٹیکنیشن سمیت دیگر خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز لیے گئے

بقیہ 68

دوچار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ محدود آمدنی والے افراد کے لیے ہزاروں اور لاکھوں روپے کے بھاری بلوں کی ادائیگی ممکن نہیں، جس سے عام شہریوں پر اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔ احتجاج کرنے والے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ گیس کے بھاری اور مبینہ طور پر غلط بلوں کا نوٹس لیا جائے

بقیہ 69

سکنہ شیخان آبادی ژوب کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے گاڑی برآمد کی، جبکہ ملزم کی نشاندہی پر دوسرے ملزم ایوب ولد جمعہ خان، قوم بابڑ، سکنہ کلی [illegible] ژوب کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے گاڑی کے تبدیل شدہ ٹائر اور رم بھی برآمد کر لیے ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 70

دلچسپ تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ کو انگریزی حروف A سے Z تک کی پہچان، درست تلفظ اور ہر حرف سے شروع ہونے والے بنیادی الفاظ کو دلچسپ انداز میں سکھانا تھا۔ اساتذہ حمید علی، طاہر لطیف اور محمد اکبر نے اپنی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور متحرک تدریسی حکمت عملی کے ذریعے بچوں کو سیکھنے کا دوستانہ اور دلچسپ ماحول فراہم کیا۔ سرگرمی کے دوران طلبہ کو مختلف حروف کی آوازوں سے روشناس کرایا گیا

بقیہ 71

شیرانی، رحمت خان شیرانی اور دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر قومی عمائدین حاجی قلم جان شیرانی حاجی محمد شیرانی عبداللہ عبدل شیرانی حاجی فیاض شیرانی مولوی جمعہ شاہ شیرانی عبداللہ جان شیرانی رحمت اللہ شیرانی عبدالرحمن شیرانی رحمت شیرانی مدے خان شیرانی بھی موجود تھے دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سردار نظام سرور شیرانی اور مولوی حمزہ شاہ شیرانی نے خطاب کیا۔

بقیہ 72

ڈاکٹر منصور عباسی اور ناہید خان عباسی نے مرحوم برکت چنڑ کی سیاسی، سماجی اور جماعتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ برکت چنڑ ایک بہترین مخلص اور نظریاتی سیاسی رہنما تھے جن کی پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وہ پارٹی کا قیمتی اثاثہ تھے

بقیہ 73

آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں اسکول اساتذہ، ڈاکٹرز، مقامی منتخب نمائندوں، مذہبی رہنماؤں اور علاقے کے معتبر شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر CCO رحیم بنگ اور CBO زکریا بنگ نے شرکاء کو پولیو وائرس کی منتقلی، اس کے بچوں پر مہلک اثرات اور پولیو سے بچاؤ کے قطروں کی اہمیت کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی۔

بقیہ 74

دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع میں 5 سال تک کی عمر کے 67 ہزار 134 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر مرتضیٰ کھوسہ کے مطابق مہم کو کامیاب بنانے کے لیے میل اور فی میل ورکرز پر مشتمل 190 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی۔ اس کے علاوہ 14 ٹرانزٹ ٹیمیں اور 18 فکسڈ پوائنٹ ٹیمیں بھی میدان میں موجود رہیں گی، جبکہ مہم کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے لیے 23 یونین کونسل آفیسرز اور 54 ایریا انچارج تعینات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 75

ایونٹ میں 36 غیر ملکی کھلاڑیوں، 12 غیر ملکی ریفریز اور 10 تکنیکی مندوبین و ریفریز کی شرکت بھی متوقع ہے جو اس عالمی سطح کے کھیلوں کے مقابلے کی اہمیت اور بین الاقوامی حیثیت کو اجاگر کرتی ہے۔ پاک فضائیہ ملک میں اسکواش کے فروغ، باصلاحیت کھلاڑیوں کی سرپرستی اور عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی میں ہمیشہ کلیدی کردار ادا کرتی رہی ہے۔ اسکواش کے میدان میں پاکستان کی درخشاں روایات کی بحالی اور عالمی سطح پر اس کھیل میں ملک کا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لیے سربراہ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں جامع اور مربوط اقدامات جاری ہیں۔ ایئر چیف کی اسکواش کے فروغ کے لیے غیر متزلزل وابستگی، بالخصوص نچلی سطح پر کھیل کی ترقی، ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی مؤثر شناخت اور نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنے کے عزم نے اس کھیل کی ترقی کو نئی جہت عطا کی ہے۔ چیمپئن شپ میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے حکام، عہدیداران، شریک ممالک کے نمائندگان، کھلاڑیوں، کوچز، آفیشلز اور کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد میں شرکت بھی متوقع ہے۔ یہ ایونٹ ایشیائی کھلاڑیوں کو اپنی فنی مہارت، مسابقتی صلاحیت اور کھیل کے اعلیٰ معیار کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سطح پر کھیلوں کے روابط کو فروغ دینے کا ایک اہم موقع فراہم کرے گا۔ پاک فضائیہ کی سرپرستی میں اس باوقار چیمپئن شپ کا انعقاد عالمی سطح پر اسکواش میں پاکستان کی درخشاں روایات کو مزید مستحکم کرنے اور اس کھیل میں قومی وقار و برتری کے فروغ کے عزم کا عکاس ہے۔ یہ ایشیائی ایونٹ بین الاقوامی کھیلوں میں تعاون کو مستحکم کرنے اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اعلیٰ ترین سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کی راہیں ہموار کرنے کے پاکستان کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ چیمپئن شپ 7 نومبر 2026 کو اختتام پذیر ہوگی، جبکہ فیصلہ کن فائنل مقابلے بھی اسی روز کھیلے جائیں گے

بقیہ 76

ایک ماہ کی تنخواہ ادا کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ مذاکرات میں میونسپل کارپوریشن ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالخالق ننگوانی، جنرل سیکرٹری ممتاز علی کلاچی اور رئیس الطاف حسین شیخ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میئر، ڈپٹی میئر اور چیف آفیسر نے ملازمین کو ایک ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 77

ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن نے ایک اہم اجلاس کا اہتمام کیا۔ اس اجلاس میں ایک 'کمیونٹی انٹرایکشن فورم' (عوامی احتساب فورم) کا انعقاد کیا گیا۔ اس فورم کا مقصد صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات اور آراء پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔

بقیہ 78

بغور مشاہدہ کیا۔ میر ضرار ناصر خان جمالی نے اس موقع پر متعلقہ افراد کو ہدایت کی کہ گنداخہ شاخ کی بحالی کا کام مقررہ معیار کے مطابق تیزی سے مکمل کیا جائے تاکہ شاخ میں پانی کی روانی کو بہتر بنایا جا سکے اور پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ممکن ہو۔ انہوں نے کہا کہ نہری نظام کی بہتری اور شاخوں کی بروقت بحالی صفائی نہایت اہمیت کی حامل ہے۔

بقیہ 79

کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کوہلو میں جاری چار روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران 15 یونین کونسلز کے مجموعی طور پر 32 ہزار 517 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے 41 ایریا انچارجز کی نگرانی میں 151 ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، جو ضلع کے دور دراز علاقوں میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔

بقیہ 80

بحالی کیلئے اقدامات کئے جائیں پاک افواج ہمارا ہی نہیں بلکہ پوری اسلامی دنیا کا فخر ہے بلوچستان کے پی کے سمیت پاکستان میں سے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمے کے لئے ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہے سندھ کے تاریخی شہر [illegible] میں ہونے والی روحانی اجتماع پر سال [illegible] کانفرنس وقت کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ 81

لاگت 1,984.3 ارب روپے کی منظور شدہ لاگت سے 138 منصوبوں (133 جاری اور 7 نئے) پر کام ہو رہا ہے، جبکہ موجودہ مالی سال میں صوبے کے لیے 193 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ آبی وسائل کے 369.3 ارب روپے لاگت کے 18 منصوبوں میں سے 13 پر بلوچستان حکومت اور 5 پر واپڈا کام کر رہا ہے۔ جبکہ منگی ڈیم کا 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ اجلاس کے دوران [illegible] جان محمد بلیدی نے منگی ڈیم کی تعمیر سے مرکزی دریا کا پانی رکنے اور مقامی آبادی کی [illegible] پر شدید خدشات کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ [illegible] کو واپڈا سے تفصیلی رپورٹ حاصل کی جائے۔

نسیم الرحمن ملا خیل نے ایپکا بلوچستان کی نو منتخب کابینہ سے حلف لیا

سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، صوبائی مشیر برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی

سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ملازمین کے بعض مطالبات پر فوری احکامات جاری

کوئٹہ(ن ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملا خیل نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کلرکس سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ حلف برداری کی

بقیہ نمبر 41 اندرونی صفحہ پر

سپریم کورٹ کے دو بنچز 4 نومبر سے 6 نومبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد/کوئٹہ(ن ن) سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایک پریس ریلیز کے مطابق سپریم کورٹ کے دو بنچز 4 نومبر سے 6 نومبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔ ان مقدمات میں بلوچستان ہائی کورٹ اور بلوچستان سروس ٹریبونل کے فیصلوں اور احکامات کے خلاف

بقیہ نمبر 44 اندرونی صفحہ پر

شہر دہشت گردی اور انتظامی تباہی کی زد میں ہے، رحیم کاکڑ

بلدیاتی جائیدادوں پر بااثر شخصیات کے قبضے کا انجام زمانہ دیکھے گا

کوئٹہ(یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ایک طرف صوبے خصوصاً کوئٹہ کو دہشتگردی نے تباہ کر دیا دوسری طرف میٹرو پولیٹن کا انتظام ختم ہو چکا ہے متعلقہ افراد نامی ایک کرپٹ گروہ کو دیا گیا ہے شہر کے تمام اسٹریٹ لائٹس خراب اور شہر ہو چکی ہے رات کے وقت پر اشہر آوارہ کتوں کے حوالے کوئٹہ کے ہوٹل قوا افتار نے کے حوالے بلڈنگ کو 1935 کا اندازہ کوئٹہ میں بلدیہ کی عمارتوں سے اکاؤنٹ چا سکتا ہے صرف نام نہاد ترقیاتی عمل وہ صرف کرپشن کے حد تک ہے گزشتہ کئی

بقیہ نمبر 42 اندرونی صفحہ پر

خواتین خاندان اور معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں، ربابہ بلیدی

امن سازی اور تنازعات کے حل کے عمل میں خواتین کا کردار غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے

کوئٹہ(ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات میں پائیدار امن، معاشی استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مؤثر سفارتکاری، بامعنی مکالمے، تنازعات کے پرامن حل اور بین الاقوامی ہم آہنگی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ پاکستان کا ابھرتا ہوا سفارتی کردار خطے میں امن، استحکام اور معاشی تعاون کے نئے امکانات پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا

بقیہ نمبر 43 اندرونی صفحہ پر

اے پی ایل ایف کا محنت کشوں کیلئے گرانٹس جاری کرنے پر حکام سے اظہار تشکر

کوئٹہ(یو این اے) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے عہدیداروں نے محنت کشوں کی فلاح و بہبود کیلئے ڈیتھ گرانٹ، میرج گرانٹ اور بچوں کے تعلیمی وظائف کی رقوم جاری ہونے پر ورکرز ویلفیئر فنڈ

بقیہ نمبر 45 اندرونی صفحہ پر

کچلاک، جے یو آئی تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام تربیتی کنونشن

کوئٹہ(یو این اے) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، تحصیل کچلاک امیر مولانا محمد سلیمان، حاجی قاسم خان، مولانا عبدالمجید، مولوی محمد اقبال اور دیگر نے تحصیل کچلاک کے زیر اہتمام

بقیہ نمبر 46 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: سی ای او اطلاف ڈویلپمنٹ الطاف خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ تعمیرات و مواصلات ڈھاڈر میں 250 سے زائد ملازمین کی طویل غیر حاضری کا انکشاف

بولان(یو این اے) اطلاعات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی میں محکمہ تعمیرات و مواصلات ڈھاڈر میں انتظامی کا کردار بن گیا ہے ڈھائی سو سے زائد ملازمین کی ڈیوٹیوں سے طویل غیر حاضری اور گھر بیٹھے کروڑوں روپوں کی

بقیہ نمبر 62 اندرونی صفحہ پر

حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا

ایف ڈبلیو او کوئٹہ کراچی شاہراہ سمیت اہم منصوبوں پر کام کر رہی ہے، علی حسن زہری

حب(آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے اعزاز میں شیخ ابراہیم گوٹھ میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کرکے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر کونسلر اسد شیخ نے ان کا شاندار استقبال کیا، جبکہ یوسف شیخ نے انہیں بلوچی پگ پہنا کر روایتی انداز میں خوش آمدید کہا۔ جلسے سے

بقیہ نمبر 63 اندرونی صفحہ پر

ڈیجیٹل سروس ڈلیوری جدید طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے، ربابہ بلیدی

سرکاری خدمات میں شفافیت اور تیزی کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ضروری ہے، صوبائی مشیر

ڈیجیٹل گورننس سے عوامی مشکلات میں کمی اور سرکاری اداروں پر اعتماد مستحکم کیا جا سکتا ہے، خطاب

کوئٹہ(ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل سروس ڈلیوری جدید طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے جس کے ذریعے سرکاری خدمات کی فراہمی میں شفافیت، تیزی اور مؤثریت لائے

بقیہ نمبر 64 اندرونی صفحہ پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

صحافت جمہوریت کا چوتھا ستون ہے، حیات خان اچکزئی

صحافیوں کا تحفظ ہر جمہوری حکومت اور معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے

کوئٹہ(آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزادی صحافت اور صحافیوں کا تحفظ کسی بھی پرامن اور جمہوری معاشرے کی ضامن ہوتی ہے۔ انہوں نے حق و سچ کی خاطر اپنی جانوں کا

بقیہ نمبر 36 اندرونی صفحہ پر

ادبی ورثے کو زندہ رکھنا اور نئی نسل تک پہنچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی زیر صدارت تقریب، بلوچی زبان و ادب کیلئے خدمات کو خراج تحسین

کوئٹہ(آئی این پی) ڈائریکٹوریٹ آف کلچر حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام نامور بلوچی شاعر، ادیب اور اسکالر سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریبات (Centenary Celebration) کے سلسلے میں نوری نصیر خان کلچر کمپلیکس، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ڈاکٹر

بقیہ نمبر 37 اندرونی صفحہ پر

تنخواہوں کی کٹوتیاں اور تادیبی کارروائیاں روکی جائیں، پی ایم اے

پی ایم اے حاضری نظام میں بہتری، غیر حاضر ملازمین کیخلاف قانونی کارروائی کی حمایت کرتی ہے

کوئٹہ(پی این ایم) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے ترجمان نے کہا ہے کہ پی ایم اے حاضری کے نظام میں بہتری اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی کی حمایت کرتی ہے تاہم انتظامی اختیارات کے ناجائز استعمال، میڈیا ہراسمنٹ، دھمکیوں اور ناقص انتظامی فیصلوں کے ذریعے فرض شناس ڈاکٹروں

بقیہ نمبر 38 اندرونی صفحہ پر

اے کیو ایم کی صحافی ہمایوں خان اور صحافی ثنا اچکزئی کی گھروں پر چھاپے کی مذمت

صحافیوں کو سچ بولنے اور لکھنے سے روکنا قدغن اور منتقم قوتوں کے زیر عتاب لانا سراسر غیر جمہوری عمل ہے

کوئٹہ(پی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی دفتر سے جاری کردہ پریس ریلیز میں صحافی ہمایوں خان اور صحافی ثنا خان اچکزئی کو علاقے اور مظلوم اقوام کی آواز بننے اور حق و سچ لکھنے پر ACCIA کی طرف سے سینسر اور گھروں پر چھاپے آزادی صحافت پر قدغن اور غیر آئینی اقدام قرار دیتے ہوئے آزادی صحافت کو منتقم قوتوں

بقیہ نمبر 39 اندرونی صفحہ پر

بلدیہ ملازمین کی مشکلات کا ادراک ہے، میئر میر مظفر خان جمالی

وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات سے جلد تنخواہیں ادا کی جائیں گی

اوستہ محمد(یو این اے) اوستہ محمد میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سراپا احتجاج میں دفاتر کے احاطے میں دھرنا دے کر بیٹھے کے کام چھوڑ ہڑتال شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل سیوریج کا نظام درہم برہم میئر میر مظفر خان جمالی چیف افسر سکندر علی کی ملازمین کے ساتھ کامیاب مذاکرات ملازمین نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان

بقیہ نمبر 40 اندرونی صفحہ پر

صحبت پور، تجاوزات کے نام پر آپریشن اور لسانیت نے شہر کو کھنڈر بنا دیا

غریب ریڑھی بانوں کے روزگار پر تلوار لٹک رہی ہے، ذاکر حسین ناوڑ

صحبت پور(یو این اے) انجمن تاجران ایکشن کمیٹی صحبت پور کے رہنما، سابق جنرل کونسلر اور مزدور ریڑھی ہوٹل یونین کے صدر ذاکر حسین ناوڑ نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے نام پر جاری آپریشن پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افسر شاہی، سیاسی رشتہ داری اور چند ناپسندیدہ پالیسیوں نے صحبت پور کو تباہ کر کے

بقیہ نمبر 47 اندرونی صفحہ پر

ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر قانون کی بالادستی یقینی بنائیں، ایس ایس پی

پولیس میں تمام مراحل میں کامیاب 126 نئے اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری

قلات(یو این اے) ضلع قلات میں بلوچستان پولیس میں بھرتی کے تمام مراحل کامیابی سے مکمل کرنے والے 109 مرد اور 17 خواتین اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس لائن قلات میں بھرتی ہونے والے اہلکاروں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جہاں ایس ایس پی

بقیہ نمبر 60 اندرونی صفحہ پر

معروف عالم دین علامہ عبدالرحمن قادری بانجھی انتقال کر گئے

مرحوم کی دینی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، علامہ داد محمد فریادی قادری

کوئٹہ(یو این اے) بلوچستان کی معروف علمی و مذہبی شخصیت مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ سلطانیہ ڈھاڈر بزرگ عالم دین شیخ طریقت حضرت علامہ مولانا عبدالرحمن قادری بانجھی گزشتہ روز انتقال کر گئے ہیں۔ ان کے انتقال سے علاقے بولان سمیت بلوچستان بھر کی فضا سوگوار رہی مرحوم وفاق المدارس العربیہ الرضویہ کے مرکزی نائب صدر

بقیہ نمبر 61 اندرونی صفحہ پر

صوبائی مشیر موحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن ملا خیل آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن ایپکا کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، سی ٹی ڈی اہلکار محمد آصف کی پریس کانفرنس

سابقہ اہلیہ اور پولیس اہلکار کیخلاف گھریلو مداخلت، مالی نقصان اور دھمکیاں دینے کے الزامات عائد

کوئٹہ(یو این اے) سی ٹی ڈی بلوچستان کے اہلکار محمد آصف (رہائشی جوائنٹ روڈ کوئٹہ) نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنی سابقہ اہلیہ اور پولیس اہلکار یاسر کے خلاف شدید تحفظات اور سنگین الزامات کا اظہار کیا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کانسٹیبل محمد آصف نے بتایا کہ انہوں نے 2008 میں پسند کی شادی کی تھی تاہم کچھ عرصے بعد پولیس اہلکار یاسر نے ان کے گھریلو معاملات میں بے جا مداخلت شروع کر دی

بقیہ نمبر 50 اندرونی صفحہ پر

خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ربابہ بلیدی

کوئٹہ(پ ر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش "ویکسنیٹ" (WEXNET) کامیابی کے ساتھ منعقد

بقیہ نمبر 48 اندرونی صفحہ پر

ممبر سازی مہم سے حقیقی آزادی کی جدوجہد کو تقویت ملے گی، صادق آغا

پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کی ممبرشپ مہم کا آغاز، کارکنان اور عوام بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

کوئٹہ(یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان میں پارٹی کی ممبرشپ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد پارٹی کو صوبے بھر میں مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانا اور عوام کو عمران خان کے نظریے، جمہوریت کی بالادستی، آئین کی حکمرانی اور حقیقی آزادی کی جدوجہد میں شریک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملک کی ایک بڑی عوامی سیاسی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ عوام کے

بقیہ نمبر 51 اندرونی صفحہ پر

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فوزیل شہزاد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ(پی این ایم) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فوزیل شہزاد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا درخواست گزار فوزیل شہزاد نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار

بقیہ نمبر 49 اندرونی صفحہ پر

پارلیمان میں خواتین کا مؤثر کردار معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہے، ثمینہ زہری

خواتین کی پارلیمانی نمائندگی محض نشستوں تک محدود نہیں، قانون سازی اور قومی پالیسی سازی میں اہم کردار ہے

پارلیمنٹ اور سینیٹ میں خواتین کی مؤثر آواز عوامی مسائل کے حل اور منصفانہ معاشرے کے قیام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ(آئی این پی) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ خواتین کا پارلیمنٹ، کابینہ اور قانون سازی کے عمل میں مؤثر کردار ایک مضبوط، ترقی پسند اور منصفانہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ خواتین صرف آبادی کا ایک بڑا حصہ ہی نہیں بلکہ معاشرتی،

بقیہ نمبر 52 اندرونی صفحہ پر

SCIENCE & ARTS
EXHIBITION 2026
AL-QURAN HIGH SCHOOL

کوئٹہ: ڈائریکٹر اقراء نور القرآن سکول [illegible] پروفیسر ڈاکٹر [illegible] اقراء نور القرآن ہائی سکول ڈپٹی ڈائریکٹر [illegible] سائنس نمائش کی تقریب کے اختتام پر طلباء وطالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ژوب، انجمن تاجران کے صدر کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حبیب اللہ خان سے ملاقات

ژوب(یو این اے) انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان، ژوب شاخ کے صدر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تاجر برادری کو درپیش مسائل، مشکلات اور بازاروں کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع

بقیہ نمبر 53 اندرونی صفحہ پر

ضلع برشور میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح

پولیو کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ کے تمام انتظامات مکمل

برشور(ن ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر بچے کو انسداد پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا گیا تقریب کے بعد انسداد پولیو ٹیموں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع برشور کو پولیو سے پاک بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، جس

بقیہ نمبر 56 اندرونی صفحہ پر

ژوب، یونین سیکرٹری الاؤنس کی عدم فراہمی کے خلاف آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کا دوبارہ احتجاج کا انتباہ

ژوب(یو این اے) گزشتہ چار ماہ سے یونین سیکرٹری کونسل کے خلاف گزشتہ بلوچستان اسمبلی کے سامنے آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے شدید احتجاج نے کوئی رنگ نہیں لایا صوبے کے تمام لوکل کونسل کے ادارے کروڑوں روپے

بقیہ نمبر 54 اندرونی صفحہ پر

لورالائی میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن

دکانوں کے باہر قائم غیر قانونی قبضے اور سڑکوں و فٹ پاتھوں پر رکاوٹیں ہٹا دی گئیں

لورالائی(ن ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی، شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے اور سرکاری و عوامی راستوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی سربراہی

بقیہ نمبر 57 اندرونی صفحہ پر

[illegible]، روی اوکسس اکیڈمی کے زیر اہتمام دو روزہ سالانہ کتب میلے کا شاندار آغاز

[illegible](یو این اے) روی اوکسس اکیڈمی کے زیر اہتمام دو روزہ کتب میلہ کا شاندار آغاز رجسٹرار یونیورسٹی آف تربت آفتاب اسلم اور ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن مکران صابر علی نے کتب میلے کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈائریکٹر روی اوکسس اکیڈمی

بقیہ نمبر 55 اندرونی صفحہ پر

دکی، ضلعی انتظامیہ کی بیکریوں اور تندوروں کے معائنے

روٹی کے وزن، سرکاری نرخنامے اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ

دکی(ن ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حرم پال نے دکی شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے بیکریوں اور تندوروں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، روٹی کے مقررہ سرکاری نرخ، وزن، معیار، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے

بقیہ نمبر 58 اندرونی صفحہ پر

لورالائی میں صوبائی محتسب کی زیر اہتمام کھلی کچہری

شہریوں کی پانی، بجلی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق شکایات پیش

لورالائی(آئی این پی) لورالائی ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے کی۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ، ڈی ایس پی کریم مندوخیل سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران

بقیہ نمبر 59 اندرونی صفحہ پر

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں انگریزی زبان و تلفظ سے متعلق تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

اوتھل(یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبہ کی ابتدائی تعلیمی استعداد بہتر بنانے اور انگریزی زبان کی بنیادی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے انگریزی حروف تہجی کی آوازوں سے متعلق ایک

بقیہ نمبر 70 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ: شیخ محمد عمر صدیقی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شیرانی، سنگور ماندہ کی آئینی حیثیت کی بحالی اور سرکاری دفاتر کی فعالیت کے لیے دھرنا 254 ویں روز بھی جاری

شیرانی(یو این اے) ضلعی ہیڈکوارٹر شیرانی سنگور ماندہ کی آئینی و قانونی حیثیت کی بحالی، سرکاری دفاتر کی فعالیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری پرامن دھرنا 254 ویں روز بھی برقرار رہا۔ دھرنے میں آل شیرانی تحریک اتحاد کے کور کمیٹی ممبر سردار غلام سرور شیرانی، وسیم خان

بقیہ نمبر 71 اندرونی صفحہ پر

خضدار، یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد

انسداد پولیو مہم میں کمیونٹی اور محکمہ صحت سے مکمل تعاون کیا جائے گا، ہیڈ ماسٹر

خضدار(ن ن) یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد، اساتذہ، مذہبی رہنماؤں، بلدیاتی نمائندوں، اساتذہ کرام اور عمائدین کا مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان تفصیلات کے مطابق کمیونٹی کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول، یونین کونسل فیروز آباد میں نومبر 2026 کی قومی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم

بقیہ نمبر 73 اندرونی صفحہ پر

اوتھل، پی پی پی ورکرز کے رہنماؤں ڈاکٹر صفدر عباسی اور ناہید خان کی برکت ناڑی کی وفات پر تعزیت

اوتھل(یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی ورکرز کے صدر ڈاکٹر صفدر عباسی اور سابق رکن قومی اسمبلی ناہید خان عباسی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور رونجھا قبیلے کی معزز شخصیت برکت ناڑی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کے صاحبزادوں اور بھائی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اس موقع پر

بقیہ نمبر 72 اندرونی صفحہ پر

صحبت پور، بچوں کو قطرے پلانے کیلئے انسداد پولیو مہم کا آغاز

190 موبائل ٹیمیں تشکیل، فول پروف سیکیورٹی کے تمام انتظامات مکمل

صحبت پور(یو این اے) ضلعی ناظم صحت (ڈی ایچ او) صحبت پور ڈاکٹر مرتضیٰ کھوسو نے اپنے دفتر میں میڈیا کو پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

بقیہ نمبر 74 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، 23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز

پاک فضائیہ اسکواش کے فروغ، کھلاڑیوں کی سرپرستی اور عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

باوقار ایونٹ میں ایشیا کے صف اول کے کھلاڑی مرد اور خواتین کے ٹیم مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے

اسلام آباد (پورہ رپورٹ) 23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر 2026 کو مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام ہوگا۔ اس باوقار ایونٹ میں ایشیا کے صف اول کے کھلاڑی مردوں اور خواتین کے ٹیم مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ چیمپئن شپ میں مردوں کی چھ ٹیمیں شرکت کریں گی، جن میں مجموعی طور پر 24 کھلاڑی شامل ہوں گے، جبکہ خواتین کے مقابلوں میں پانچ ٹیموں کے 20 کھلاڑی حصہ لیں گے۔

بقیہ نمبر 75 اندرونی صفحہ پر

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے لیس ڈویلپڈ ایریاز کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس

سپارکو اور واپڈا سے تفصیلی رپورٹ حاصل کر کے اگلی کمیٹی میں پیش کی جائے، آغاز حقوق بلوچستان پیکیج کی پیش رفت کا جائزہ

امن و امان کی صورتحال کے باعث متعدد منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر ہو رہی ہے، جان بلیدی کا زیر منصوبوں اور ملازمتوں میں خامیوں پر تشویش

اسلام آباد(یو این اے) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے لیس ڈیولپڈ ایریاز کی ذیلی کمیٹی کا اہم اجلاس اولڈ پی آئی پی ایس ہال، پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد میں کنوینئر سینیٹر جان محمد بلیدی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں آغاز حقوق بلوچستان پیکیج کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے اور بلوچستان کے لیے وفاقی روزگار کے کوٹے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پلاننگ کمیشن اور وزارت آبی وسائل کے حکام نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آغاز حقوق بلوچستان پیکیج کے

بقیہ نمبر [illegible] اندرونی صفحہ پر

میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے ملازمین کو ایک ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی کا اعلان

کامیاب مذاکرات کے بعد احتجاج ختم، شہر میں صفائی ستھرائی کا کام دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ

اوستہ محمد(آئی این پی) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے معاملے پر میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی، ڈپٹی میئر حاجی خان چانڈیو اور چیف آفیسر بابو سکندر علی جتوئی کے میونسپل کارپوریشن ایمپلائز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے ساتھ کامیاب مذاکرات ہوئے، جس کے نتیجے میں ملازمین کو

بقیہ نمبر 76 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ، سوئی گیس کے بھاری اور غیر منصفانہ بلوں کے خلاف شہریوں کا شدید احتجاج، سنگل روڈ بلاک

کوئٹہ(یو این اے) کوئٹہ میں سوئی گیس کے بھاری، غیر منصفانہ اور مبینہ طور پر غلط بلوں کے خلاف شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے سنگل روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا، جس کے باعث سڑک پر ٹریفک کی آمد و رفت متاثر ہوئی اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ سوئی گیس کے بلوں میں غیر معمولی اضافے اور مبینہ طور پر غلط میٹر ریڈنگ کے باعث گھریلو صارفین شدید مالی مشکلات سے

بقیہ نمبر 68 اندرونی صفحہ پر

سبی میں کمیونٹی انٹرایکٹو فورم کا انعقاد

صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات سے متعلق عوامی مسائل و تحفظات پر تفصیلی غور

سبی(آئی این پی) عوامی خدمات کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات پر غور کے لیے ضلع سبی میں کمیونٹی انٹرایکٹیو فورم کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس میں بڑی تعداد میں عوام نے شرکت کی اور اپنے تحفظات کو دور کرنے پر غور کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع سبی سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی (CNBA) کی پارٹنر تنظیم اویلس

بقیہ نمبر 77 اندرونی صفحہ پر

گنداخہ شاخ کی بھل صفائی کا میر ضرار ناصر خان جمالی کا معائنہ

میر ضرار ناصر خان جمالی کا کام مقررہ معیار کے مطابق جلد مکمل کرنے کی ہدایت

اوستہ محمد(آئی این پی) صوبائی وزیر آبپاشی سردارزادہ فیصل خان جمالی کے خصوصی تعاون اور دلچسپی سے گنداخہ شاخ میں جاری بھل صفائی کے کام کا میر ضرار ناصر خان جمالی نے دورہ کر کے تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شاخ میں جاری بھل صفائی کے کام کا جائزہ لیا اور پانی کی روانی، نہری گزرگاہوں اور صفائی کے عمل کا

بقیہ نمبر 78 اندرونی صفحہ پر

ژوب، چوری شدہ موٹر گاڑی برآمد، پولیس کی کامیاب کارروائی میں 2 ملزمان گرفتار

ژوب(یو این اے) ایس ایچ او ژوب صدر جانزئی، ایڈیشنل ایس ایچ او سہراب خان، اے ایس آئی سید شاہ کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے چاند روز گل ایریا اسماعیل خان سے تعلق رکھنے والے ایک مسافر کی چوری شدہ موٹر گاڑی برآمد کر لی۔ پولیس نے کارروائی کے دوران پہلے ملزم نجیب اللہ ولد حاجی ملا محمد زاہد قوم خوتی

بقیہ نمبر 69 اندرونی صفحہ پر

کوہلو میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز

15 یونین کونسلز میں 32 ہزار 517 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

کوہلو(آئی این پی) اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوہلو میں 2 نومبر سے 5 نومبر تک جاری رہنے والی چار روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح بچے کو قطرہ پلا کر کر دیا ہے اس موقع پر ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر شیر زمان مری نے گفتگو

بقیہ نمبر 79 اندرونی صفحہ پر

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

افواج پاکستان پوری اسلامی دنیا کا فخر ہیں، علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی

سبی(آئی این پی) اشاعت اہل سنت پاکستان کے قائد علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی نے کہا ہے کہ پاکستان سمیت پوری دنیا کو امن کی ضرورت ہے رحمت دو جہاں حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں دہشت گردی کے خاتمے اور دنیا میں امن کی

بقیہ نمبر 80 اندرونی صفحہ پر

وندر، محکمہ فشریز کی مبینہ چشم پوشی سے سمندری حیات کی نسلیں خطرے میں

گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائرنیٹ کے ذریعے غیر قانونی شکار جاری

وندر(یو این اے) گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائرنیٹ جال کا استعمال، چھوٹی مچھلیوں کا غیر قانونی شکار جاری، محکمہ فشریز لسبیلہ حب کے افسران کی مبینہ ملی بھگت، سمندر بانجھ ہونے کا خدشہ، چھوٹے ماہی گیر نان شبینہ کے محتاج ہو گئے، سمندری وسائل کی تباہی کا سلسلہ نہ رک سکا، مچھلیوں کی نسلیں نایاب ہونے لگیں۔

بقیہ نمبر 65 اندرونی صفحہ پر

ضلع کے تمام بی ایچ یوز اور آر ایچ سیز فعال ہیں، ڈی ایچ او امیر علی جمالی

عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ صحت کی کوششیں جاری ہے

اوستہ محمد(یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اوستہ محمد امیر علی جمالی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع بھر میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے تمام تر کوششیں جاری ہیں ضلع کے تمام بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سینٹرز فعال ہیں جہاں تعینات ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں ضلع کے عوام کو علاج معالجے کی سہولیات کی

بقیہ نمبر 66 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: بروری روڈ کے رہائشی محمد آصف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے انٹرویوز کا آغاز

بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور اہلیت کو بنیادی ترجیح دی جائے گی، انتظامیہ

لورالائی(ن ن) ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ انٹرویوز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوئے، جن میں مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، تجربے اور متعلقہ شعبے میں اہلیت کا جائزہ لیا

بقیہ نمبر 67 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری اصغر رند، ڈائریکٹر کلچر [illegible]، ڈی جی [illegible] اور دیگر کلچر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام بلوچی کے نامور شاعر و ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریب کے اختتام پر شیلڈ دے رہے ہیں